# سیرت

## حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

### سوال و جواب میں

مرتبہ


محبِّ ملت حضرت مقصود علی خان صاحب

مدیر اعلیٰ ماہنامہ نورِ ولایت و سرپرست ادارہ تنظیمِ مہدویہ



شائع کردہ

ادارۂ تنظیم مہدویہ

16-8-806، ''شاداب'' نیو ملک پیٹ، حیدر آباد 500024

﴿سلسلۂ اشاعت 83﴾

نام کتاب : سیرت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ (سوال و جواب میں)

مرتب : محبّ ملّت حضرت مقصود علی خاں صاحب

سن اشاعت: 1435ھ م 2014ء

بارِ دوم : 1436ھ م 2015ء

تعداد : 500

صفحات : 112

کمپیوٹر کتابت: SAN کمپیوٹر سنٹر، صوبہ دار امیر علی خاں روڈ (نئی سڑک)

چنچل گوڑہ، حیدرآباد۔ سیل نمبر 9959912642

طباعت : بالاجی پریس عنبر پیٹ حیدرآباد

قیمت : -/50

ناشر : ادارہ تنظیم مہدویہ، شاداب منزل 806-8-16 نیو ملک پیٹ، حیدرآباد۔۲۴

## ملنے کا پتہ

(۱) امیر علی خاں عرف شاداب 806-8-16 نیو ملک پیٹ، حیدرآباد۔

(۲) مسجد حضرت حافظ سید داؤد میاں صاحب 318-4-16 چنچل گوڑہ، حیدرآباد۔

(۳) SAN کمپیوٹر سنٹر، صوبہ دار امیر علی خاں، چنچل گوڑہ، حیدرآباد۔ سیل نمبر 9959912642

(۴) حضرت سید مصطفیٰ مبارک ید اللّٰہی صاحب، طائی واڑہ، بڑودہ، گجرات۔

(۵) حضرت سید خوندمیر حسین حمادی صاحب، حمادی اسٹریٹ، ڈبھوئی، گجرات۔

(۶) جناب سید امجد صاحب، سیکریٹری، جمعیت مہدویہ، مٹیڈ ہلی، بنگلور۔

# فہرست


| سلسلہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|
| 1 | حضرت محمد ﷺ مکہ مکرمہ میں | 6 |
| 2 | معراج شریف | 18 |
| 3 | ہجرت | 23 |
| 4 | قبا | 26 |
| 5 | حضرت محمد ﷺ مدینہ شریف میں | 27 |
| 6 | غزوات | 29 |
| 7 | قرآن پاک | 52 |
| 8 | ارشادات نبی اکرم ﷺ | 58 |
| 9 | شب وروز | 62 |
| 10 | معجزات | 64 |
| 11 | آخری ایام | 66 |
| 12 | ازواج مطہرات | 68 |
| 13 | اولاد | 80 |
| 14 | فرائض نبوت | 82 |
| 15 | مہدی موعودؑ حضرت محمد ﷺ کی نظروں میں | 96 |
| 16 | متفرق | 101 |

# انتساب

ان نوجوانوں کے نام

جو دین کا

شغف

رکھتے

ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عرض حال

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے، وہ مالک ہے، وہ پاک ہے، اور وہ تمام جہاں کا پالن ہار ہے۔ اس نے آدمؑ سے نسل انسانی کے سلسلے کو جاری رکھا، ہدایت کے لئے وقتاً فوقتاً دنیا میں نبیوں، رسولوں کو مبعوث فرماتا رہا۔ یہاں تک کہ حضرت محمدؐ کو خاتم النبیین ﷺ بنا کر دنیا میں بھیجا۔ ہزاروں درود وسلام ہو نبی آخرالزماں رحمت اللعالمین ﷺ پر اور خلیفۃ اللہ حضرت مہدی موعودؑ پر جن کی بعثت کی گواہی ونشاندہی حضرت محمد ﷺ نے فرمائی۔

زیرنظر کتاب دوسرا ایڈیشن ہے، پہلا ایڈیشن 2014 میں شائع کیا گیا تھا جو جناب سید ابرھیم صاحب انجینیر کے مالی تعاون سے شائع ہوا۔ یہ دوسرا ایڈیشن آپ کے ہاتھ میں ہے اس میں جو کمی پہلے ایڈیشن میں رہے گی تھی اس کو شامل کیا گیا ہے ویسے یہ کتاب کوئز مقابلوں میں شرکت کرنے والے طالب علموں کی سہولت کے لئے مرتب کی گئی ہے لیکن کسی بھی قاری کو اس سے کافی معلومات حاصل ہوسکتی ہیں ویسے بھی حضرت محمد ﷺ کی کامل سیرت پاک کا احاطہ کرنا ممکن ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ کسی بشر میں اتنی صلاحیت وطاقت نہیں کہ اس کو قلمبند کر سکے۔ مختصر سیرت سوال وجواب میں پیش کی گئی ہے

دوران مطالعہ کوئی خامی نظر آجائے تو براہ کرام اس کی اطلاع فرمائیں تا کہ اس کو آئندہ اشاعت میں درست کیا جاسکے۔ اس کتاب کی تیاری میں کتب معلوماتی قرآنی واسلامی، حیات رسول ﷺ سیرت کوئز، العقائد اور سیرت مہدی موعودؑ سے مدد حاصل کی گئی ہے۔

اس کتاب کی تیاری اور اشاعت میں جناب سید محمود تشریف اللّٰہی صاحب کے پرخلوص تعاون کے ساتھ ہمیشہ کی طرح جناب ابوالفیض سید احمد صاحب عابدؔ کا بھرپور تعاون حاصل رہا جس کے لئے میں ان دو اصحاب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

**فقیر مقصود علی خاں غفرلہ**      **یکم ستمبر 2015**

# حضرت محمد ﷺ مکہ مکرمہ میں

سوال حضرت محمد ﷺ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے کس بیٹے کی اولاد سے ہیں؟

جواب حضرت اسمٰعیل علیہ السلام

سوال حضرت محمد ﷺ کا نسب بن قصی تک کس طرح ہے؟

جواب حضرت محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی۔

سوال حضرت محمد ﷺ کی ولادت کونسی تاریخ کو ہوئی؟

جواب 12/ربیع الاول

سوال حضرت محمد ﷺ کی ولادت کس دن ہوئی؟

جواب پیر کے دن

سوال حضرت محمد ﷺ کس شہر میں پیدا ہوئے؟

جواب مکہ مکرمہ

سوال حضرت محمد ﷺ کی پیدائش پر کیا عظیم واقعہ پیش آیا؟

جواب ایوان کسریٰ میں زلزلہ آیا جس سے محل کے چودہ کنگُرے گر گئے اور فارس کا آتش کدہ جو ہزار سال سے مسلسل روشن تھا بجھ گیا۔

سوال حضرت محمد ﷺ کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے؟

جواب والد کا نام حضرت عبداللہ اور والدہ کا نام بی بی آمنہ

سوال حضرت محمد ﷺ کے دادا کا نام کیا ہے ؟

جواب عبدالمطلب

سوال حضرت محمد ﷺ کی دادی کا نام کیا ہے؟

جواب فاطمہ بنت عمرو

سوال　حضرت محمد ﷺ کے پردادا کا نام کیا تھا؟

جواب　ہاشم

سوال　حضرت محمد ﷺ کے نانا کا نام کیا تھا؟

جواب　وہب بن عبد مناف

سوال　حضرت محمد ﷺ کے نانی کا نام کیا تھا؟

جواب　تبرّہ یا برہ بنت عبدالعزیٰ

سوال　حضرت محمد ﷺ کا ابوطالب سے کیا رشتہ تھا؟

جواب　حضرت محمد ﷺ کے چچا ہوتے ہیں۔

سوال　حضرت حمزہؓ سے آپ کا کیا رشتہ تھا؟

جواب　حضرت محمد ﷺ کے چچا ہوتے ہیں اور آپؐ کے دودھ شریک بھائی بھی تھے۔آپ نے بھی ثوبیہ کا دودھ پیا تھا۔

سوال　حضرت محمد ﷺ کے کتنے چچا تھے؟

جواب　گیارہ۔زبیر‘ حارث‘ ابوطالب‘ حمزہ‘ حجل‘ مقوم‘ عباس‘ ضرار‘ قثم‘ ابولہب اور غیدق

سوال　حضرت محمد ﷺ کے حقیقی چچاؤں کے نام کیا ہیں؟

جواب　زبیر اور ابوطالب

سوال　حضرت محمد ﷺ کی ولادت کی خبر ابولہب کو کس نے دی؟

جواب　ثوبیہ کنیز نے

سوال　ولادت کی خبر سن کر ابولہب کیا کرتا ہے؟

جواب　کنیز ثوبیہ کو آزاد کرتا ہے۔

سوال　حضرت محمد ﷺ کی مشہور و معروف کنیت کیا ہے؟

جواب ابوالقاسم

سوال حضرت محمد ﷺ کی والدہ کے بعد کس نے آپؐ کو دودھ پلایا؟

جواب بی بی ثوبیہ نے

سوال آپ ﷺ کا اسم گرامی احمدؐ کس نے رکھا؟

جواب بی بی آمنہ نے خواب میں ایک فرشتے سے بشارت پا کر احمدؐ نام رکھا تھا۔

سوال احمد کے معنی کیا ہیں؟

جواب بہت سراہا ہوا۔

سوال آپ ﷺ کا اسم گرامی محمد ﷺ کس نے رکھا؟

جواب آپ ﷺ کے دادا عبدالمطلب نے۔

سوال محمد ﷺ کے کیا معنی ہیں؟

جواب بہت تعریف کیا ہوا۔

سوال توراۃ وانجیل میں آپ کا ذکر کس نام سے آیا ہے؟

جواب احمد

سوال حضرت محمد ﷺ نے فرمایا میرے پانچ نام ہیں وہ کیا ہیں؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا، میں محمد ہوں، میں احمد ہوں، میں ماحی ہوں، میں حاشر ہوں اور میں عاقب ہوں۔

سوال شقِ صدر کے پہلے واقعہ کے وقت آپ ﷺ کس کے پاس تھے؟

جواب بی بی حلیمہ سعدیہ کے پاس

سوال بی بی آمنہ کا انتقال کس مقام پر ہوا؟

جواب مکّہ اور مدینہ کے درمیان ایک گاؤں ابواء ہے، یہاں پر آپ کا انتقال ہوا۔

سوال حضرت محمد ﷺ کی والدہ کے انتقال کے وقت آپؐ کی کیا عمر تھی؟

جواب چھ(6)سال

سوال بی بی آمنہ کے انتقال کے بعد آپ ؐ کی پرورش کس نے کی؟

جواب دادا عبدالمطلب نے۔

سوال عبدالمطلب کے انتقال کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

جواب آپ ﷺ کے چچا ابوطالب نے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کس کے ساتھ پہلا تجارتی سفر کیا؟

جواب ابوطالب کے ساتھ

سوال کس خاتون کا تجارتی مال آپ ﷺ فروخت کیا کرتے تھے؟

جواب خدیجۃ الکبریٰؓ کا

سوال خدیجۃ الکبریٰؓ کے اُس غلام کا نام بتایئے جو تجارتی سفر میں آپ ؐ کے ساتھ رہا؟

جواب میسرہ

سوال حضرت محمد ﷺ کے دوسرے تجارتی سفر ملک شام میں کس راہب سے ملاقات ہوئی تھی؟

جواب نسطورہ **Nasturah**

سوال بی بی خدیجۃ الکبریٰؓ نے نکاح سے قبل حضرت محمد ﷺ کے ذاتی حالات کس سے دریافت کیں؟

جواب حضرت محمد ﷺ کی پھوپھی صفیہ سے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کا نکاح کس نے پڑھایا اور اس موقعہ پر خطبہ کس نے دیا؟

جواب عمرو بن اسد نے نکاح پڑھایا اور ابوطالب نے خطبہ دیا اس کے جواب میں ورقہ بن نوفل نے بھی خطبہ دیا۔

سوال نکاح کے وقت حضرت محمد ﷺ کی عمر کیا تھی؟

جواب 25سال

سوال آپ ﷺ سے نکاح کے وقت بی بی خدیجۃ الکبریٰؓ کی عمر کیا تھی؟

جواب 40سال

سوال حضرت خدیجہؓ نے جو غلام حضرت محمد ﷺ کو دیا تھا اس کا نام کیا تھا؟

جواب حضرت زید بن حارثہؓ

سوال نبوت کے اعلان سے پہلے حضرت محمد ﷺ کو لوگ کیا کہتے تھے؟

جواب حضرت محمد ﷺ کو صادق اور امین کہا کرتے تھے۔

سوال محمد ﷺ کے دعویٰ نبوت سے پہلے کس موقعہ پر مکہ کے قبیلوں میں اختلاف پیدا ہوا؟

جواب حجرِ اسود کو صحیح جگہ پر رکھتے وقت اختلاف پیدا ہوا۔

سوال حجرِ اسود پر جو اختلاف ہوا تھا اس کو کس طرح دور کیا گیا؟

جواب ہر قبیلہ چاہتا تھا کہ اپنے ہاتھ سے حجر اسود کو قائم کردہ جگہ پر لگائے۔ آخر میں طئے پایا گیا کہ کل صبح جو سب سے پہلے حرم میں داخل ہوگا اس کا فیصلہ قبول کیا جائے گا۔

سوال کون سب سے پہلے حرم میں داخل ہوا؟ حاضرین نے کیا کہا؟

جواب حضرت محمد ﷺ سب سے پہلے حرم میں داخل ہوئے اور آپ کو دیکھ کر سب پکار اٹھتے ہیں امین آ گیا ہم اس کے فیصلے پر راضی ہوں گے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے حجر اسود کے نصب کرنے کے اختلاف کو کس طرح دور کیا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے ایک چادر بچھائی اور حجر اسود کو اپنے ہاتھ سے چادر کے درمیان رکھ دیا ہر قبیلے کے افراد سے کہا کہ وہ چادر کو اٹھائیں تمام نے مل کر چادر کو اٹھائی۔ نصب کرنے کے مقام تک چادر آ گئی تو آپ ﷺ نے اپنے

دست مبارک سے حجراسود کو اس مقام پر رکھ دیا جہاں رکھنا چاہئے تھا۔

سوال حضرت محمد ﷺ کس غار میں اللہ کا ذکر وفکر کیا کرتے تھے؟

جواب غارحراء میں جو جبل نور میں ہے۔

سوال غارحراء اب کس نام سے مشہور ہے؟

جواب جبل نور

سوال وہ کون سا فرشتہ ہے جو اللہ کا کلام اور پیام لے کر رسولوں کے پاس آتا ہے؟

جواب حضرت جبرئیل علیہ السلام

سوال عقلِ کُل کسے کہا جاتا ہے؟

جواب حضرت جبرئیل علیہ السلام کو

سوال خدا کے بھیجے ہوئے پیام کو کیا کہتے ہیں؟

جواب وحی

سوال حضرت محمد ﷺ پر سب سے پہلے کن آیتوں کا نزول ہوا؟

جواب سورہ العلق کی آیات **اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ o خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍo اِقْرَاْوَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِo عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْo**

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس سے فرمایا زمّلونی، زمّلونی (مجھے اُڑھادو)

جواب بی بی خدیجۃ الکبریٰ ؓ سے۔

سوال کس موقعہ پر آپ ﷺ نے فرمایا زمّلونی؟

جواب حضرت جبرئیلؑ غار حرا میں پہلی مرتبہ اللہ کا کلام لے کر نازل ہوئے۔ حضرت محمد ﷺ پر اضطراب کی کیفیت طاری ہوئی۔ گھر آ کر فرمایا زملونی

سوال حضرت محمد ﷺ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان کونسی چیز نمایاں تھی؟

جواب مہرنبوت

سوال حضرت محمد ﷺ پر وحی کے نزول کے بعد بی بی خدیجۃ الکبریٰ ؓ آپ کو کس کے پاس لے گئیں؟

جواب ورقہ بن نوفل کے پاس جو بی بی کے چچازاد بھائی تھے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کس پہاڑ پر اپنے رسول ہونے کا دعویٰ کیا اور اسلام کی دعوت دی ؟

جواب کوہ صفا پر۔

سوال کوہ صفا کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب کوہ فاران

سوال عورتوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

جواب بی بی خدیجۃ الکبریٰ ؓ نے

سوال مردوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

جواب حضرت ابوبکرؓ

سوال لڑکوں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

جواب حضرت علیؓ

سوال غلاموں میں سب سے پہلے کس نے اسلام قبول کیا؟

جواب حضرت زید بن حارثہ ؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے ایک سال کو عام الحزن یعنی غم کا سال فرمایا وہ کس لئے

جواب ایک ہی سال میں حضرت ابوطالب' اور بی بی خدیجۃ الکبریٰ ؓ کے انتقال کی وجہ سے اس سال کو غم کا سال فرمایا۔

سوال میلے میں حضرت محمد ﷺ آواز سے کہا کرتے تھے'' اے لوگو لا الہ الا اللہ کہو

فلاح پاؤ گے آپؐ کے پیچھے ایک شخص کہتا تھا اے لوگو اس کی بات نہ مانو یہ جھوٹا ہے۔ یہ کون شخص تھا؟

جواب ابولہب

سوال دعوت دین کے سلسلے میں حضرت ابو طالب کے سمجھانے پر حضرت محمد ﷺ نے کیا جواب دیا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے اپنے چچا ابو طالب سے فرمایا ''اللہ کی قسم اگر یہ لوگ میرے ایک ہاتھ میں سورج اور دوسرے ہاتھ میں چاند رکھ دیں تب بھی میں اپنے اس کام سے باز نہ آؤں گا۔''

سوال یہ کس نے کہا تھا کہ اے محمدؐ تم اپنا کام جاری رکھو' رب کعبہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ جب تک میری جان میں جان ہے اور میرے نتھنوں میں سانس جاری ہے تب تک یہ لوگ تم پر قابو نہ پاسکیں گے؟

جواب ابو طالب

سوال قریش کے یہ اعلان پر کہ بنو ہاشم سے کوئی تعلق نہ رکھا جائے۔ اس اعلان پر بنو ہاشم کس گھاٹی میں چلے گئے تھے؟

جواب شعب ابی طالب میں

سوال حضرت محمد ﷺ نے خدا کا کلام نازل ہونے کے بعد سب سے پہلے نماز کس کے ساتھ اور کہاں پڑھی؟

جواب نزول کلام کے بعد جبرئیلؑ نے آپؐ کو دامن کوہ میں لائے۔ آپ کے سامنے وضو کیا اور حضرت محمد ﷺ نے بھی وضو کئے۔ پھر دونوں نے مل کر نماز پڑھی یہ نماز حضرت جبرئیلؑ نے پڑھائی۔

سوال ابو طالب کے انتقال کے وقت آپ کی عمر کیا تھی؟

جواب 50سال

سوال حضرت عمرؓ کے اسلام لانے تک حضرت محمد ﷺ اور آپ کے اصحاب کہاں جمع تھے؟

جواب دارالارقم میں

سوال حضرت محمد ﷺ کس خاندان کو مبتلائے مصیبت میں دیکھتے تو فرماتے اے آل یاسر صبر کرو؟

جواب حضرت عمار اوران کے والد یاسر اور والدہ سمیہ کو مبتلائے مصیبت دیکھتے تو فرماتے اے آل یاسر صبر کرو۔

سوال اسلام میں سب سے پہلے شہید کون ہوئے اور کس نے شہید کیا؟

جواب حضرت سمیہ جو یاسر کی بیوی تھیں ان کو ابوجہل نے شہید کیا۔

سوال وہ کون شاعر ہے جو کانوں میں روئی رکھا کرتا تھا تاکہ قرآن پاک سن نہ سکے؟

جواب طفیل بن عمرو دوسی

سوال قریش کے ظلم پر حضرت محمد ﷺ نے کس مقام کے لئے ہجرت کا حکم دیا؟

جواب حبشہ

سوال حبشہ کے بادشاہ کو کس نام سے پکارا جاتا تھا؟

جواب نجاشی

سوال نجاشی کے دربار میں کس نے مسلمانوں کی نمائندگی کی؟

جواب حضرت جعفر بن طیارؓ

سوال کس بادشاہ نے کہا کہ میری مملکت میں امن سے رہو جو تمہیں بُرا کہے گا سزا پائے گا؟

جواب نجاشی بادشاہ

سوال مکہ سے اسلام کا پیغام پہنچانے کے لئے حضرت محمد ﷺ کس مقام کے لئے روانہ ہوئے؟

جواب طائف

سوال آپ کے ہمراہ طائف میں کون تھے؟

جواب حضرت زید بن حارثہؓ

سوال تبلیغ اسلام کے لئے ایک شہر سے دوسرے شہر جانے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب ہجرت

سوال طائف کے سرداروں نے آپ ﷺ کے ساتھ کس قسم کا برتاؤ کیا؟

جواب طائف کے سرداروں نے کہا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہمارے شہر سے نکل جاؤ۔ پھر اوباش لڑکوں کو آپ کے پیچھے لگا دیا جو پتھر مارتے تھے، جس سے آپ ﷺ کے پیر مبارک لہولہان ہو گئے تھے۔

سوال طائف میں اللہ تعالیٰ نے فرشتے کے ذریعہ کیا پیغام پہنچایا اور رسول اللہ ﷺ نے کیا جواب دیا؟

جواب اے اللہ کے رسول اگر آپ چاہیں تو طائف والوں کو پہاڑوں کے ذریعہ کچل دیا جائے گا۔ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا ایسا نہ کرو شائد ان کی نسل میں کوئی ایمان قبول کر لے گا۔

سوال طائف میں کس نے فرطِ محبت، جوش عقیدت میں حضرت محمد ﷺ کے سر، ہاتھ اور قدم مبارک چومے؟

جواب عدّاسؓ

سوال طائف سے واپسی کے بعد کس نے آپؐ کو مکہ میں پناہ دی؟

جواب مطعم بن عدی

سوال حرم کعبہ میں عین سجدے کی حالت میں حضرت محمد ﷺ کے گلے میں کس

نے چادر ڈال کر کھینچا تھا؟

جواب عقبہ بن ابی محیط نے

سوال کفار قریش سے معاہدہ کر کے ایک عبارت خانہ کعبہ پر لگا دی گئی تھی۔ معاہدہ چاک ہونے پر اسے دیوار سے اُتارنے لگے تو یہ دیکھ کر حیران ہو گئے کہ اسے دیمک چاٹ چکی تھی صرف دو لفظ باقی تھے وہ کیا تھے؟

جواب **بِاسْمِکَ اللّٰهُمَّ**

سوال مکہ میں مدینہ سے آ کر وہ کون سے دو مشہور قبیلے کے افراد ہیں جو اسلام قبول کئے؟

جواب اوس و خزرج

سوال کس نے کہا تھا نہ تو ان کو قید کیا جائے اور نہ جلاء وطن کیا جائے بلکہ ہر قبیلہ میں سے ایک ایک نوجوان منتخب کیا جائے اور سب مل کر (نعوذ باللہ) محمد ﷺ کو قتل کر ڈالیں؟

جواب ابوجہل

سوال پہلا شہید جس نے نبوت سے قبل نماز ادا کرنے کی سنت کا آغاز کیا وہ کون ہے؟

جواب حضرت خبیبؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے اسلام کی باتیں سکھانے کے لئے مدینہ میں کس کو روانہ کیا؟

جواب حضرت مصیب بن عمیرؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کو اُمت کا فرعون کہا؟

جواب ابوجہل کو

سوال **جنت المعلٰی** کس شہر میں ہے؟

جواب مکہ مکرمہ میں

سوال حضرت محمد ﷺ کی حیات مبارکہ میں کون سے غار بڑی اہمیت رکھتے تھے؟

جواب غارِ حرا اور غارِ ثور

سوال کس نے حضرت محمد ﷺ سے کہا آپ سیڑھی لگا کر آسمان پر چڑھ جائیں اور چار فرشتوں کو ساتھ لیں یہ فرشتے آپ کے دعویٰ کی تصدیق کریں تو میں اسلام قبول کرلوں گا؟

جواب عبداللہ بن اُمیہ بن مغیرہ

سوال اولین خاتون شہید کون ہیں؟

جواب حضرت سمیہؓ

سوال حضرت سمیہؓ کو کس نے شہید کیا؟

جواب ابوجہل نے

سوال مکہ میں وہ شخص کون تھا جو قصہ کہانیاں سنا کر کہا کرتا تھا کہ میں بھی محمدؐ سے بھی اچھی باتیں بتا سکتا ہوں؟

جواب نصر بن حارث

سوال مکہ کے وہ کونسے بڑے سردار تھے جو چھپ کر قرآن سنا کرتے تھے؟

جواب ابوجہل، ابوسفیان اور اخنس

سوال حضرت محمدؐ نے کس جوڑے کے تعلق سے ارشاد فرمایا کہ لوط و ابراھیم علیہم السلام کے بعد راہ خدا میں ہجرت کی ہے؟

جواب حضرت عثمانؓ بن عفان و سیہ قیہؓ بنتِ محمدؐ

سوال حضرت محمد ﷺ کے تعلق سے کون کہا کہ میرا بیٹا ہاتھ پکڑے گا تو جنت میں پہنچا کر چھوڑے گا؟

جواب بی بی حلیمہ سعدیہ کے شوہر اور حضرت محمد ﷺ کے رضاعی والد حارث بن عبدالعزیٰ نے

☆☆☆☆☆☆☆

# معراج شریف

| | |
|---|---|
| سوال | معراج النبی ﷺ کا واقعہ مکہ میں ہوا یا مدینہ میں؟ |
| جواب | مکہ میں |
| سوال | حضرت محمدؐ کو معراج کس تاریخ و ماہ میں ہوا |
| جواب | رجب کی 27 تاریخ 10 نبوت میں حضرت کو معراج ہوئی |
| سوال | حضرت محمد ﷺ شب معراج کے وقت کس کے مکان میں قیام فرما رہے تھے؟ |
| جواب | اُم ہانی کے مکان میں |
| سوال | کس فرشتے نے نیند سے آپ ﷺ کو بیدار کیا؟ |
| جواب | حضرت جبرئیل علیہ السلام |
| سوال | اُم ہانی کے مکان سے فرشتے آپ ﷺ کو کس مقام پر لے گئے؟ |
| جواب | مسجد حرام |
| سوال | شب معراج میں آپ ﷺ کے سینے کو چاک کر کے کس سے بھرا گیا؟ |
| جواب | سینۂ اطہر کو ایمان و حکمت سے بھرا گیا۔ |
| سوال | سواری کے لئے جو بہشتی جانور پیش کیا گیا اس کا نام کیا تھا؟ |
| جواب | بُرّاق |
| سوال | سفر معراج میں کس مقام پر پہلی نماز آپؐ نے پڑھی؟ |
| جواب | یثرب یعنی مدینہ میں |
| سوال | سفر معراج میں دوسری نماز کس مقام پر آپ ﷺ نے پڑھی؟ |
| جواب | وادیٔ سینا (جہاں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا تھا۔) |

سوال حضرت محمد ﷺ نے سفر معراج میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مقام ولادت پر نماز پڑھی۔ وہ مقام کونسا ہے؟

جواب بیت اللحم (موجودہ فلسطین)

سوال سفر معراج میں ایک بوڑھی عورت اور ایک بوڑھا مرد نے آپ ﷺ کو آواز دی وہ کون تھے؟

جواب حضرت جبرئیلؑ نے فرمایا وہ بوڑھی عورت دنیا اور بوڑھا مرد شیطان تھا۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے سفر معراج میں غیبت کرنے والوں کا انجام کیا دیکھا؟

جواب غیبت کرنے والوں کے ناخن تانبے کے تھے اور اپنے چہروں اور سینوں کو اُن ناخنوں سے چھیلتے تھے۔

سوال سفر معراج میں حضرت محمد ﷺ نے سود خوروں کو کن حالات میں دیکھا؟

جواب ان کے پیٹ بے انتہا بڑے اور سانپوں سے بھرے ہوئے تھے۔

سوال سفر معراج میں کن افراد کو دیکھا جن کے سر پتھروں سے کچلے جا رہے ہیں

جواب جان بوجھ کر فرض نمازوں کو چھوڑنے والے۔

سوال سفر معراج میں کن افراد کو دیکھا جن کی زبانیں اور لب قینچیوں سے کاٹے جا رہے ہیں؟

جواب اُمت کے خطیب اور واعظ جو دوسروں کو نصیحت کرتے ہیں اور خود عمل نہیں کرتے۔

سوال سفر معراج میں وہ کون ہیں جن کے کپڑوں کو آگے پیچھے پیوند لگے ہوئے تھے وہ جانوروں کی طرح گھاس چر رہے تھے؟

جواب یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے مال میں سے زکواۃ و خیرات نہیں دیتے تھے۔

سوال سفر معراج میں حضور ﷺ کن افراد کو دیکھا جو ایک ہی دن میں تخم ریزی

کرتے ہیں اور ایک ہی دن میں کاٹ بھی لیتے ہیں؟

جواب اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے۔

سوال مسجد اقصیٰ میں حضرت محمد ﷺ نے کتنے رکعت نماز پڑھی؟

جواب دو رکعت

سوال کس نے حضرت محمد ﷺ کو مسجد اقصیٰ میں امامت کے لئے آگے بڑھایا؟

جواب حضرت جبرئیل علیہ السلام نے

سوال مسجد اقصیٰ سے روانہ ہوتے وقت کتنے پیالے آپ کو پیش کئے گئے؟

جواب تین

سوال تین پیالوں میں کیا تھا؟

جواب پانی، دودھ، شراب

سوال حضرت محمد ﷺ نے کونسا پیالہ نوش فرمایا؟

جواب دودھ کا

سوال دودھ کا پیالہ نوش فرمانے پر حضرت جبرئیلؑ نے کیا فرمایا؟

جواب حضرت جبرئیلؑ نے دودھ نوش کرنے پر فرمایا کہ آپؐ نے دین فطرت کو اختیار کیا۔ اگر آپ شراب کو اختیار کرتے تو آپ کی اُمت گمراہ ہو جاتی اور اگر پانی کو اختیار کرتے تو اُمت غرق ہو جاتی۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے آسمان اول پر کس سے ملاقات کی؟

جواب حضرت آدم علیہ السلام سے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے آسمان دوم پر کس سے ملاقات کی؟

جواب حضرت یحییٰ علیہ السلام و حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے تیسرے آسمان پر کس سے ملاقات کی؟

جواب حضرت یوسف علیہ السلام سے

سوال حضرت محمد ﷺ نے چوتھے آسمان پر کس سے ملاقات کی؟

جواب حضرت ادریس علیہ السلام سے

سوال حضرت محمد ﷺ نے پانچویں آسمان پر کس سے ملاقات کی؟

جواب حضرت ہارون علیہ السلام سے

سوال حضرت محمد ﷺ نے چھٹے آسمان پر کس سے ملاقات کی؟

جواب حضرت موسیٰ علیہ السلام سے

سوال حضرت محمد ﷺ نے ساتویں آسمان پر کس سے ملاقات کی؟

جواب حضرت ابراہیم علیہ السلام سے

سوال کس سورہ میں معراج کا ذکر ہوا ہے؟

جواب سورہ بنی اسرائیل میں

سوال مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک کی سیر کو کیا کہتے ہیں؟

جواب اسراء

سوال مسجد اقصیٰ سے سدرۃ المنتہیٰ تک کی سیر کو کیا کہتے ہیں؟

جواب معراج

سوال معراج کی رات حضرت جبرئیلؑ نے کس مقام سے آگے بڑھنے سے معذرت چاہی ؟

جواب سدرۃ المنتہیٰ سے

سوال حضرت محمد ﷺ معراج میں کن حالات سے روبرو ہوئے؟

جواب معراج میں حضرت محمد ﷺ نے دیدارِ الٰہی اور بلا واسطہ کلام ایزدی سے مشرف ہوئے۔

سوال معراج میں حضرت محمد ﷺ کے وسیلے سے اُمت کو کیا کیا عطا یا ملے؟

جواب پانچ نمازیں اور سورہ بقرہ کی آخری آیتیں۔

سوال وہ رسول کون ہیں جو حضرت محمد ﷺ کو بار بار اللہ سے نماز کی تخفیف کی درخواست کرنے کو کہا کرتے تھے؟

جواب حضرت موسیٰ علیہ السلام

سوال حضرت محمد ﷺ کی معراج جسمانی تھی یا روحانی؟

جواب اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے حضرت محمد ﷺ کو بحالت بیداری جسم اطہر کے ساتھ آسمانوں کی سیر کرائی۔ یہ معراج جسمانی تھی۔

سوال بیت المعمور کا ذکر کس واقعہ میں آتا ہے؟

جواب حضرت محمد ﷺ کے معراج کے واقعہ میں بیت المعمور کا ذکر آتا ہے۔

سوال بیت المعمور کہاں ہے؟

جواب یہ ساتویں آسمان میں ایک مسجد ہے جو خانہ کعبہ کے بالکل اوپر ہے۔ ستر ہزار فرشتے روانہ اس کا طواف کرتے ہیں

سوال شب معراج میں حضرت محمد ﷺ دیدار خداوندی سے مشرف ہوئے یا نہیں؟

جواب شب معراج میں حضرت محمد ﷺ نے سر کی آنکھوں سے خدا تعالیٰ کا دیدار کیا۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے ایک ہی رات میں دو ماہ کا سفر کر کے واپس بھی آئے وہ کونسا سفر ہے؟

جواب مسجد حرام سے بیت المقدس کا سفر جو شب معراج میں کیا۔

سوال معراج کے واقعہ کی سب سے پہلے کس نے تصدیق کی؟

جواب حضرت ابوبکر صدیق ؓ نے

☆☆☆☆☆☆☆

# ہجرت

سوال ہجرت کی رات میں حضرت محمد ﷺ سب سے پہلے کس کے گھر گئے تھے؟
جواب حضرت ابوبکر صدیقؓ
سوال ہجرت کے وقت حضرت محمد ﷺ کے ساتھ کون تھے؟
جواب حضرت ابوبکر صدیقؓ
سوال ہجرت کی رات میں حضرت محمد ﷺ نے کس کو اپنے بستر پر سونے کو کہا؟
جواب حضرت علیؓ
سوال حضرت محمد ﷺ نے حضرت علیؓ کو اپنے بستر پر کیوں سلایا تھا؟
جواب تاکہ کفارِ مکہ کی امانتیں صبح کو واپس کر سکیں۔
سوال حضرت محمد ﷺ کس اونٹنی پر سوار ہو کر ہجرت فرمائی؟
جواب قصویٰ اونٹنی پر
سوال مکہ سے مدینہ کی ہجرت کے وقت حضرت محمد ﷺ کی عمر کتنی تھی؟
جواب 53 سال
سوال ہجرت کے دوران کس غار میں آپ ﷺ نے آرام کیا؟
جواب غارِ ثور میں
سوال کس پرندے نے غارِ ثور پر گھونسلہ بنایا تھا؟
جواب کبوتر نے
سوال حضرت محمد ﷺ کتنے دن غار ثور میں رہے؟
جواب تین دن
سوال غار ثور میں پہلے کون داخل ہوئے اور کیا کام کیا؟
جواب حضرت ابوبکر صدیقؓ پہلے داخل ہو کر غار کو صاف کیا اور تمام سوراخوں کو بند کیا۔
سوال کس غار میں سانپ نے کس کو ڈسا؟

جواب غارِ ثور میں سانپ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو ڈسا۔ حضور ﷺ کے لعاب دہن کے لگانے سے تکلیف دور ہوئی۔

سوال حضرت محمد ﷺ کی حفاظت کے لئے اللہ تعالیٰ نے غارِ ثور میں کیا انتظام کیا

جواب غارِ ثور کے اوپری حصہ پر مکڑی نے جالا تن دیا اور کبوتر نے انڈے دیئے۔ یہاں پر پہنچنے والوں کو یقین ہو جائے کہ غار کے اندر کوئی نہیں ہے۔

سوال غارِ ثور میں قیام کے دوران کون دودھ پہنچایا کرتے تھے؟

جواب حضرت ابوبکرؓ کے آزاد کردہ غلام عامر بن فہیرہ بکریاں لا کر غار کے دہانے پہنچ جایا کرتے تھے۔ اور دودھ ان بکریوں سے حاصل کر لیا جاتا تھا۔

سوال حضرت محمد ﷺ کس موقع پر ارشاد فرمایا '' لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ''، غم نہ کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

جواب غارِ ثور کے دہانے پر جب کفارانِ قریش پہنچ گئے تھے۔ حضرت ابوبکرؓ پریشان ہو گئے تھے تو اس موقع پر حضرت محمد ﷺ نے یہ فرمایا۔

سوال کون مکہ کی خبریں رات کو غار میں آ کر پہنچایا کرتے تھے؟

جواب عبداللہ بن ابوبکرؓ

سوال کفارانِ قریش نے حضرت محمد ﷺ کو گرفتار کرنے کے لئے کیا انعام کا اعلان کیا تھا؟

جواب سو (۱۰۰) سرخ اونٹ

سوال مدینہ کی راہ بتانے کے لئے حضرت ابوبکرؓ نے حضرت محمد ﷺ کی اجازت سے کس کی خدمت حاصل کی تھی؟

جواب عبداللہ بن اریقط

سوال انعام کی لالچ میں کس نے حضرت محمد ﷺ کو پالیا تھا؟

جواب سراقہ بن جعشم

سوال　　سراقہ بن جعشم پر کیا واقعہ سرزد ہوا؟

جواب　　گھوڑا دوڑاتے ہوئے وہ آپ ﷺ کے قریب بھی نہ پہنچا تھا کہ گر پڑا اور دوسری بار آگے بڑھنے کا ارادہ کیا تو گھوڑے کے پیر زمین میں دھنس گئے حضرت محمد ﷺ سے امان چاہی اور اس عذاب سے بچ گیا۔

سوال　　حضرت محمد ﷺ نے سراقہ کو کیا بشارت دی تھی؟

جواب　　کسریٰ کے کنگن پہنا دیئے جانے کی بشارت دی۔

سوال　　یہ بشارت کب پوری ہوئی؟

جواب　　حضرت عمر فاروقؓ کے دور حکومت میں جب مدائن فتح ہوا تو مال غنیمت میں کسریٰ کے کنگن آئے۔ حضرت عمرؓ نے سراقہ کو بلا کر کنگن پہنائے اور فرمایا میرے آقا ﷺ کی بشارت پوری ہوئی۔

سوال　　سراقہ کے علاوہ اور کون انعام کی لالچ میں حضرت محمد ﷺ کی تلاش میں نکلا؟

جواب　　بُریدہ اسلمی

سوال　　ہجرت میں حضرت محمد ﷺ کی خدمت میں سفید کپڑے کس نے پیش کئے؟

جواب　　زبیر بن عوامؓ

سوال　　یارِ غار کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب　　حضرت ابوبکر صدیقؓ کو

سوال　　حضرت محمد ﷺ کس موقعہ پر ارشاد فرمایا کہ ہم دونوں تنہا نہیں ہیں بلکہ تیسرا ہمارے ساتھ خدا تعالیٰ ہے؟

جواب　　غارِ ثور میں ہجرت کے موقعہ پر

☆☆☆☆☆☆☆

# قبا

سوال حضرت محمد ﷺ کونسی تاریخ کو قبا پہنچے ؟

جواب 8 ربیع الاول 13 نبوت بروز دوشنبہ

سوال غار ثور کے بعد حضرت محمد ﷺ کس مقام پر قیام فرمایا؟

جواب قبا میں

سوال حضرت محمد ﷺ نے قبا میں کس کے مکان میں قیام فرمایا؟

جواب مکثوم بن ہدمؓ

سوال قبا میں داخل ہوتے ہی حضرت محمد ﷺ نے پہلا کام کیا کیا؟

جواب مسجد کی بنیاد ڈالی۔

سوال حضرت محمد ﷺ کے خاندان سے کون سب سے پہلے قبا میں آ کر آپ ﷺ سے ملے؟

جواب حضرت علیؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کس مسجد کے تعلق سے ارشاد فرمایا جو شخص اپنے گھر سے وضو کر کے چلے اور مسجد میں جا کر دوگانہ ادا کرے تو ایک عمرہ کا ثواب پائے گا؟

جواب مسجد قبا

سوال حضرت محمد ﷺ کی بعثت کے بعد سب سے پہلے کونسی مسجد تعمیر کی گئی؟

جواب مسجد قبا

سوال کس مقام کے کنویں میں حضرت محمد ﷺ نے اپنا لعاب دہن ڈالا اور کھارا پانی میٹھا ہو گیا؟

جواب مسجد قبا سے پچاس قدم دور بئیر ریس میں

☆☆☆☆☆☆☆

# حضرت محمد ﷺ مدینہ شریف میں

سوال قبا سے حضرت محمد ﷺ کہاں تشریف لائے؟

جواب مدینہ شریف

سوال مدینہ شریف کا قدیم نام کیا تھا؟

جواب یثرب

سوال حضرت محمد ﷺ کا مدینہ آنے پر کس قبیلے کی لڑکیاں دف بجا کر آپ کا خیر مقدم کیا؟

جواب بنونجار کے قبیلے کی لڑکیاں

سوال مدینے کے انصار حضرت محمد ﷺ سے شرف میزبانی کے لئے درخواست کرنے پر آپ کیا فرماتے؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا میری ناقہ کا راستہ چھوڑ دو جہاں یہ بیٹھے گی وہی جگہ میزبان کی ہوگی۔

سوال اونٹنی کس کے گھر کے سامنے بیٹھ گئی؟

جواب حضرت ابوایوب انصاریؓ

سوال حضرت محمد ﷺ مدینہ پہنچ کر کس کو شرف میزبانی بخشا؟

جواب حضرت ابوایوب انصاریؓ

سوال مہاجر کسے کہتے ہیں؟

جواب جس نے اللہ کی خوشنودی کے لئے وطن کو چھوڑا اسے مہاجر کہتے ہیں۔ مثلاً مکہ سے جو اصحاب ہجرت کر کے مدینہ آئے انہیں مہاجر کہتے ہیں۔

سوال اللہ تعالیٰ نے مدینہ کے مسلمانوں کا نام کیا رکھا؟

جواب انصار

سوال انصار نام کس لئے رکھا گیا؟

جواب انصار عربی لفظ ہے اس کے معنی ناصر کی جمع ہے یعنی مددگار کے ہیں۔ مکہ سے ہجرت کر کے جو مسلمان مدینہ آ گئے تھے ان مہاجروں کی جو خاطر و مدد کی گئی اس کا لحاظ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے مدینہ کے مسلمانوں کا نام انصار رکھا۔

سوال جنت البقیع کس شہر میں ہے؟

جواب مدینہ شریف میں

سوال وہ صحابی کون ہے جو حضرت محمد ﷺ کی ازواج مطہرات کے لئے اپنے مکانات خالی کر کے دیئے؟

جواب حضرت حارثہ بن نعمانؓ

سوال مدینہ کا وہ کونسا آدمی تھا جسے سب سے پہلے اسلام قبول کرنے کا شرف حاصل ہوا؟

جواب ایاس بن معاذؓ

سوال ان مسجدوں کے نام بتایئے جن کی تعمیر میں حضرت محمد ﷺ نے اپنے صحابہؓ اور مزدوروں کے ساتھ مل کر کام کئے۔؟

جواب مسجد قبا اور مسجد نبویؐ

سوال مسجد نبوی میں جو سایہ دار چبوترہ تھا اس کا نام کیا ہے؟

جواب صفّہ

سوال اہل صفّہ کون تھے؟

جواب وہ صحابہ تھے جو دین کی خاطر گھر بار چھوڑ کر اللہ کے رسول ﷺ کے در پر رہتے تھے۔

سوال رئیس المنافقین کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب عبداللہ بن ابی سلول کو

☆☆☆☆☆☆☆

# غزوات

سوال حضرت محمد ﷺ جس جہاد یا جنگ میں شریک ہوئے اس کو کیا کہتے ہیں؟
جواب غزوہ کہتے ہیں۔
سوال حضرت محمد ﷺ جس جہاد میں شریک نہیں ہوئے اس کو کیا کہتے ہیں؟
جواب سریہ کہتے ہیں۔
سوال غزوہ کی تعداد کتنی ہے؟
جواب اس میں اختلاف ہے۔تعداد 19‘ 21‘24اور 27بتلائی گئی ہے۔
سوال سریہ کی تعداد کتنی ہے؟
جواب اس میں اختلاف ہے۔تعداد 35‘38‘40اور 56بتلائی گئی ہے۔
سوال مسلمانوں کو جہاد کی اجازت کب ملی؟
جواب 2ہجری میں

## غزوۂ بدر

سوال اسلام کی پہلی جنگ کونسی ہے؟
جواب جنگ بدر
سوال حضرت محمد ﷺ کس کو مدینہ میں اپنا قائم مقام بنا کر غزوہ بدر کے لئے روانہ ہوئے۔؟
جواب حضرت عمرو ابن ام مکتومؓ
سوال حضرت علیؓ کے ہاتھ میں کس رنگ کا علم تھا؟
جواب سیاہ
سوال جنگ بدر کونسی تاریخ کو ہوئی؟
جواب 17رمضان المبارک 2ہجری کو

سوال غزوہ بدر میں اسلامی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

جواب 313 مجاہدین

سوال کفارانِ قریش کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ایک ہزار

سوال غزوۂ بدر میں حضرت محمد ﷺ نے ایک مقام پر فوجی پڑاؤ لگایا تھا۔ایک صحابیؓ نے مشورہ دیا کہ آگے بڑھ کر چشمہ کے قریب پڑاؤ لگایا جائے۔آپ نے قبول کیا۔اس صحابیؓ کا نام کیا ہے؟

جواب حضرت حباب بن منذرؓ

سوال غزوہ بدر میں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے کیا دعا کی تھی؟

جواب آپ نے دعا کی تھی ''اے اللہ اگر آج یہ تیرے مٹھی بھر عبادت کرنے والے مٹ گئے تو پھر زمین پر تیری عبادت نہ ہوگی''

سوال کس جنگ میں فرشتے حاضر ہوئے تھے؟

جواب جنگ بدر میں

سوال جنگ بدر میں دیگر فرشتوں کے ساتھ کون تین فرشتے بھی حاضر ہوئے تھے؟

جواب حضرت جبرئیلؑ حضرت میکائیلؑ حضرت اسرافیلؑ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس موقعہ پر فرمایا تھا'' مکہ نے اپنے جگر کے ٹکڑوں کو تمہارے پاس لا کر ڈال دیا ہے''؟

جواب جنگ بدر کے موقعہ پر

سوال اسلامی لشکر کیا ورد کرتے ہوئے آگے بڑھ رہا تھا؟

جواب احد احد

سوال حضرت محمد ﷺ نے جنگ بدر میں کس کو میرا اور میری اُمت کا فرعون کہا؟

جواب ابوجہل کو۔

سوال غزوۂ بدر کے موقعہ پر ایک کمسن بچہ اسلامی لشکر میں تھا اس کے واپس ہونے کے لئے کہا گیا تو رونے لگا وہ کون تھا؟

جواب عمیر بن ابی وقاصؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کے وہ کون سے قریبی رشتہ دار تھے جو مکہ میں رہ کر وہاں سے کفارانِ قریش کے حالات لکھ کر روانہ کرتے تھے؟

جواب حضرت عباسؓ

سوال کس غزوہ کے موقعہ پر انصار نے کہا کہ ہم موسیٰ علیہ السلام کی قوم کی طرح یہ نہ کہیں گے کہ آپ ﷺ اور آپ کا خدا جا کر لڑیں؟

جواب غزوۂ بدر کے موقع پر۔ (حضرت مقداد بن عمروؓ)

سوال غزوۂ بدر میں حضرت محمد ﷺ نے علم کس کو عطا کیا تھا؟

جواب حضرت مصیب بن عمیرؓ کو

سوال غزوہ بدر میں دشمنانِ اسلام کی طرف سے کون سپہ سالار تھا؟

جواب عتبہ بن ربیع

سوال حضرت محمد ﷺ کس چیز سے فوجیوں کی صفیں درست کرتے تھے؟

جواب حضرت محمد ﷺ ایک تیر سے صفیں درست کرتے تھے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کس جنگ میں اشارہ کر کے فرمایا کہ فلاں اس جگہ مارا جائے گا' فلاں اُس جگہ مارا جائے گا؟۔

جواب جنگ بدر میں

سوال جنگ بدر میں کون ابوجہل کے متعلق دریافت کرتے تھے؟

جواب دونو جوان معاذ اور معوز۔

سوال ابوجہل کو کس نے ختم کیا؟

جواب معاذ اور معوز کم عمر نوجوانوں نے ابوجہل کا خاتمہ کر دیا۔

سوال کس نے ابوجہل کا سر کاٹ دیا؟

جواب حضرت عبداللہ بن مسعودؓ

سوال غزوہ بدر میں حضرت محمد ﷺ کے سائبان کے پاس حفاظت کے لئے کون پہرہ دے رہے تھے؟

جواب حضرت سعد بن معاذؓ

سوال حضرت ابوبکرؓ کے کونسے بیٹے ہیں جو کس غزوہ میں دشمنانِ اسلام کی فوج میں تھے؟

جواب حضرت ابوبکرؓ کے بیٹے عبدالرحمٰن غزوہ بدر میں دشمنانِ اسلام کی فوج میں تھے

سوال غزوہ بدر میں کون سر سے پاؤں تک لوہے کے لباس میں کفار کی فوج سے نکلا؟

جواب عبیدہ بن سعید بن العاص

سوال عبیدہ بن سعید کو کس نے قتل کر دیا؟

جواب حضرت عبداللہ بن زبیرؓ

سوال جنگ بدر میں کس صحابی کی تلوار ٹوٹنے پر حضرت محمد ﷺ نے کھجور کی لکڑی عنایت فرمائی جو تلوار کا کام دیتی تھی؟

جواب حضرت عکاشہؓ

سوال حضرت عکاشہ کو جنگ بدر میں تلوار ٹوٹنے پر حضرت محمد ﷺ نے کھجور کی لکڑی عنایت فرمائی جو تلوار کا کام دیتی تھی اسکو کیا نام دیا گیا؟

جواب عَون (عون کے معنی مدد کے ہیں اس کو عونُ اللہ کی مناسبت یاد کیا جاتا ہے)

سوال وہ کون صحابی ہیں جو جنگ بدر میں کھجور کھلانے میں مصروف تھے اور حضورؐ کی زبان سے جہاد کی فضیلت سنی تو دشمن کی صفوں میں گھس گئے اور کئی آدمیوں کو مار کر خود بھی شہید ہو گئے؟

جواب حضرت عمیر بن الحمامؓ

سوال قیدیوں میں وہ کون تھا جو نہایت فصیح اللسان تھا اور عام مجموعوں میں حضرت محمد

ﷺ کے خلاف تقریریں کیا کرتا تھا؟

جواب سہیل بن عمرو

سوال بدر کے قیدیوں میں سے اس شاعر کا نام بتایئے جو حضرت محمد ﷺ سے اپنی مفلسی کا واسطہ دے کر رہائی کی درخواست کی تھی؟

جواب ابوعزّہ

سوال بدر کے قیدیوں میں حضرت محمد ﷺ کے کون سے چچا تھے؟

جواب حضرت عباسؓ

سوال غزوہ بدر میں حاصل ہونے والی اس تلوار کا نام بتایئے جسے حضرت محمد ﷺ نے اپنے لئے پسند فرمایا؟

جواب ذوالفقار

سوال غزوہ بدر میں حضرت حمزہؓ نے کس کافر کو پہلے ہی وار میں ختم کر دیا؟

جواب شیبہ کو

سوال غزوہ بدر میں کس نے ایک ہی وار میں مشہور کافر ولید کو قتل کیا؟

جواب حضرت علیؓ

سوال غزوۂ بدر میں حضرت محمد ﷺ نے صحابہ میں سے کن کو لشکر قریش کے تین بہادروں سے مقابلہ کے لئے روانہ کیا؟

جواب حضرت حمزہؓ حضرت علیؓ اور حضرت عبیدہ بن حارثؓ

سوال قرآن نے یوم بدر کو کیا کہا؟

جواب یوم فرقان

سوال غزوۂ بدر میں کون کون سے بدترین دشمن جہنم رسید ہوئے؟

جواب ابوجہل۔ عتبہ بن ربیعہ۔ شیبہ بن ربیعہ۔ ولید بن اُمیہ۔ عتبہ بن محیط۔ امیہ بن خلف

# غزوۂ احد

سوال غزوہ بدر کے بعد حضرت محمد ﷺ کونسی جنگ میں حصہ لیا؟

جواب جنگ احد میں

سوال جنگ احد کونسی تاریخ وماہ میں ہوئی؟

جواب 6/شوال 3 ہجری م 22/مارچ 625ء

سوال اُس نوجوان کا نام بتایئے جو جنگ احد میں انگوٹھوں کے بل کھڑے ہوکر اپنے قد کو اونچا کیا؟

جواب حضرت رافع بن خدیجؓ

سوال جس نے کُشتی جیت کر اُحد کی لڑائی میں اسلامی فوج میں شامل ہوئے اُن کا نام بتلایئے؟

جواب سمرّہ

سوال حضرت محمد ﷺ کے اس گھوڑے کا نام بتایئے جس پر آپ ﷺ جنگ احد کے دن سوار تھے؟

جواب سَکب

سوال جنگ اُحد میں قریش کے لشکر کے سردار کون تھے؟

جواب ابوسفیان

سوال کس جنگ میں خالد بن ولید کفار کی جانب سے شریک تھے؟

جواب جنگ احد میں

سوال حضرت محمد ﷺ کس غزوہ میں دعا کررہے تھے ''اے خدایا میری قوم کو بخش دے وہ جانتے نہیں؟

جواب جنگ اُحد میں آپ ﷺ پر جب کفارانِ قریش تیر پر تیر برسارہے تھے' آپؐ

نے یہ دعا کی تھی۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس جنگ میں حضرت ابو دجانہ کوتلوار عطا کی؟

جواب جنگ احد میں

سوال جنگ اُحد میں کس مسلمان نے اپنے آدمیوں کے ساتھ شرکت کی اور راستہ سے ان کو لے کر واپس چلا گیا؟

جواب رئیس المنافقین عبداللہ بن اُبی

سوال رئیس المنافقین عبداللہ بن اُبی اپنے کتنے آدمیوں کو لے کر واپس ہوا

جواب تین سو سواروں کو لے کر الگ ہو گیا؟

سوال رئیس المنافقین عبداللہ بن اُبی نے کس مقام پر اپنے سواروں کو لے کر الگ ہو گیا اور کیوں؟

جواب مقام شوط پر جو احد و مدینہ کے درمیان ایک بستی ہے۔ اُحد اور مدینہ کا فاصلہ تین میل کا ہے۔ وہ کہتا تھا مدینہ کے اندر رہ کر کفار کا مقابلہ کرنے کی جو تجویز میں نے پیش کی ہے اس پر عمل نہیں کیا گیا اسی لئے میں علیحدہ ہوتا ہوں۔

سوال غزوۂ احد میں کس صحابی کی تیر اندازی پر خوش ہو کر حضرت محمد ﷺ نے فرمایا ''تیر چلاؤ میرے ماں باپ تم پر قربان''

جواب حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ

سوال وہ کونسا غزوہ تھا جس میں خواتین میدان جنگ میں پہنچیں؟

جواب غزوۂ احد

سوال کس غزوہ میں کفارانِ قریش کی عورتیں یہ گا رہی تھیں ''ہم آسمان کے تاروں کی بیٹیاں ہیں ہم قالینوں میں چلنے والے ہیں اگر تم بڑھ کر لڑو گے تو ہم تم سے گلے ملیں گے اور پیچھے قدم ہٹایا تو ہم تم سے الگ ہو جائیں گے؟

جواب غزوۂ احد میں

سوال غزوہ احد میں وہ کونسی خاتون تھیں جو حضرت محمد ﷺ پر حملہ کے موقع پر بڑی بہادری سے لڑی اور زخمی ہوئیں؟

جواب اُم عمارہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے غزوۂ احد میں کس صحابی کی آنکھ اپنی جگہ سے نکل کر لٹک جانے پر دست مبارک سے درست کر دی؟

جواب حضرت قتادہؓ

سوال جنگ احد میں کس راہب کے بیٹے نے حضرت محمد ﷺ سے اپنے والد پر حملہ کرنے کی اجازت چاہی؟

جواب ابو عامر راہب کے مسلمان فرزند حضرت حنظہؓ نے

سوال کیا حضرت محمد ﷺ نے اجازت دی؟

جواب نہیں۔

سوال کس جنگ میں حضرت محمد ﷺ کے دندانِ مبارک شہید ہوئے اور کس نے پتھر مارا؟

جواب جنگ اُحد میں حضرت سعد ابی وقاص کے بھائی عتبہ بن اُبی وقاص (جو مسلمان نہیں ہوا تھا) نے پتھر مار کر دانت شہید کئے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کے کتنے دانت شہید ہوئے؟

جواب چار دانت بعض روایت میں آیا ہے دو دانت نیچے والا داہنا دانت شہید ہوا تھا اور اس کی ضرب سے لب مبارک بھی زخمی ہوا تھا۔

سوال کس جنگ میں حضرت محمد ﷺ کے شہید ہونے کی افواہ پھیلائی گئی؟

جواب جنگ احد میں

سوال جنگ اُحد میں کس کے باپ، بھائی اور شوہر شہید ہوئے؟

جواب عفیقہؓ کے۔

سوال جنگ اُحد میں حضرت محمد ﷺ کے ہاتھوں نیزہ سے ایک کفار ختم ہوا اس کا نام کیا تھا؟

جواب اُبی بن خلف

سوال جنگ احد میں کس نے پہاڑی پر چڑھ کر بتوں کا نام لے کر پکار رہا تھا؟

جواب ابوسفیان

سوال کس صحابی نے جنگ اُحد میں ہندہ کے سر پر تلوار رکھ کر اُٹھالی؟

جواب حضرت ابودجانہؓ

سوال حضرت ابو دجانہؓ نے جنگ اُحد میں ہندہ کے سر پر تلوار رکھ کر اُٹھالی وہ کس لئے؟

جواب رسول اللہ ﷺ کی عطا کردہ تلوار کی شان نہیں کہ اس سے کسی عورت کی جان جائے۔

سوال غزوۂ احد میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

جواب **70** مسلمان شہید ہوئے۔

سوال کس جنگ میں حضرت حمزہؓ شہید ہوئے؟

جواب جنگ اُحد میں

سوال حضرت حمزہؓ کو کس نے شہید کیا؟

جواب وحشی نے

سوال حضرت حمزہؓ کے کلیجے کو کس عورت نے چبایا تھا؟

جواب ہندہ نے

سوال کس نے مسلمانوں کی لاشوں سے ناک، کان کاٹے اور ہار بنا کر پہنا؟
جواب ہندہ نے
سوال وہ کون سے صحابی ہیں جو حضرت محمد ﷺ کے پائے مبارک پر اپنے رخسار رکھ کر جان دیتے ہیں؟
جواب حضرت زیاد بن سکنؓ
سوال وہ کون سے صحابی تھے جن کے شہید ہونے پر کافروں نے حضور ﷺ کی وفات کا اعلان کر دیا تھا؟
جواب حضرت مصعب بن عمیرؓ
سوال جنگ اُحد میں شہید ہونے والے وہ کون سے صحابی ہیں جن کا کفن اتنا چھوٹا تھا کہ اگر سر چھپایا جاتا تو پیر کھل جاتے اور پیر چھپایا جاتا تو سر کھل جاتا؟
جواب حضرت مصعب بن عمیرؓ
سوال کس جنگ میں مسلمان نبرد آزمائی چھوڑ کر لوٹ میں لگ گئے تھے؟
جواب غزوۂ احد میں
سوال حضرت محمد ﷺ کے رخساروں میں دھنس جانے والی خود کی کڑیوں کو کس نے اپنے دانتوں سے نکالا؟
جواب حضرت ابوعبیدہ بن جراحؓ نے اپنے دانتوں سے ان کڑیوں کو نکالا۔
سوال غزوۂ احد کے لئے روانہ ہوتے وقت حضرت محمد ﷺ نے کس کو مدینہ منورہ کا حاکم بنایا تھا؟
جواب حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ
سوال حضرت محمد ﷺ کے سامنے کھڑے ہو کر کس صحابی نے اتنے تیر برسائے تھے کہ دو تین کمانیں ان کے ہاتھ سے ٹوٹ گئی تھیں؟

جواب حضرت ابوطلحہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے شہدائے اُحد کو کس طرح دفن کیا تھا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے نہ ان پر نماز جنازہ پڑھی نہ انہیں غسل دیا ایک ہی کفن میں دو،دو، تین، تین کو لپیٹ کر ایک قبر میں ایک ساتھ دفن کیا۔

سوال غزوۂ بدر میں کس شاعر کو حضرت محمد ﷺ نے آئندہ مسلمانوں کے خلاف جنگ میں حصہ نہ لینے کے وعدہ پر رہائی دی؟

جواب ابوعزّہ

سوال غزوۂ احد میں شہادت کے بعد کس صحابی کو فرشتوں نے غسل دیا؟

جواب حضرت حنظلہؓ

## غزوۂ خندق

سوال غزوۂ خندق کس سن ہجری میں ہوئی؟

جواب سنہ 5 ہجری میں

سوال غزوۂ خندق کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب غزوۂ احزاب

سوال احزاب نام کس طرح پڑھا؟

جواب احزاب کے معنی جماعت کے ہیں اس جنگ میں عرب کی بڑی بڑی جماعتیں ایک ہو کر مدینہ پر حملہ کے لئے آئی تھیں اس لئے اس غزوہ کو احزاب کہا جاتا ہے۔

سوال کس صحابی نے خندق کھودنے کا مشورہ دیا؟

جواب حضرت سلمان فارسیؓ نے

سوال غزوۂ خندق کے وقت حضرت محمد ﷺ اور مسلمانوں کی کیا حالت تھی؟

جواب مسلمانوں پر تین دن کے فاقے تھے پیٹ پر ایک ایک پتھر تھا۔ حضرت محمد ﷺ کے شکم مبارک پر تین پتھر بندھے ہوئے تھے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کدال سے چٹان پر ضرب لگاتے ہوئے کیا پیشین گوئیاں فرمائے؟

جواب حضرت محمد ﷺ ضرب لگاتے ہوئے فرمایا یمن فتح ہوا، شام فتح ہوا، ایران فتح ہوا۔

سوال اُس کافر کا نام بتایئے جو غزوہ خندق میں اپنے گھوڑے سے خندق میں گر پڑا؟

جواب نوفل بن عبداللہ مخزر جو حضرت علیؓ کے ہاتھوں مارا گیا تھا۔

سوال وہ کونسا غزوہ تھا جس میں حضرت محمد ﷺ کی نماز قضا ہوئی؟

جواب غزوہ احزاب میں مسلسل تیراندازی اور سنگ باری کی وجہ سے جگہ سے ہٹنا ممکن نہ تھا جس کی وجہ سے نماز قضا ہوئی۔

سوال نماز عصر قضا ہونے پر آپ ﷺ کی زبان مبارک سے کیا الفاظ نکلے؟

جواب ہمیں کافروں نے درمیانی نماز، نماز عصر سے باز رکھا اللہ تعالیٰ ان کے گھروں اور قبروں کو آگ سے بھر دے۔

سوال وہ کون سا غزوہ تھا جس میں اچانک سخت طوفان، آندھی چلی جس سے حملہ آوروں کے خیمے اُکھڑ گئے؟

جواب غزوۂ خندق

سوال غزوۂ احزاب میں خندق کھودتے وقت حضرت محمد ﷺ کس کے تعلق سے ارشاد فرمایا تھا کہ وہ ہمارے اہل بیت میں شامل ہیں؟

جواب حضرت سلمان فارسیؓ

سوال لشکر کفار کا سپہ سالار غزوہ احزاب میں کون تھا؟

جواب ابوسفیان

سوال　　خندق کھدوانے کے لئے کتنی ٹیمیں بنائی گئیں اور ان کی تعداد کتنی تھی؟

جواب　　دس افراد کی ٹولی بنائی گئی تھی۔

سوال　　خندق کس سائز کی کھودی گئی؟

جواب　　دس گز چوڑی اور پانچ گز گہری

سوال　　غزوہ خندق میں صحابہ کی تعداد کیا تھی؟

جواب　　تین ہزار

سوال　　جنگِ احزاب (خندق) کے خاتمہ پر جب قریش اور ان کے حلیف ناکام ونامراد واپس لوٹ گئے تو حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا تھا؟

جواب　　اب ہم ان پر یعنی قریش پر حملہ کریں گے۔ وہ ہم پر حملہ نہ کر سکیں گے۔

سوال　　جنگِ احزاب کے بعد حضرت محمد ﷺ نے کب اور کس کو بنو قریظہ کا محاصرہ کرنے کا حکم دیا؟

جواب　　23/ ذیقعدہ 5 ہجری کو جنگ ختم ہوتے ہی حضور ﷺ نے حضرت علیؓ کو علم دیکر مقدمة الجیش کی حیثیت سے روانہ کیا تھا۔

## صلح حدیبیہ

سوال　　حضرت محمد ﷺ مدینہ سے عمرہ کے لئے کس سن ہجری میں روانہ ہوئے؟

جواب　　6 سنہ ہجری میں ذیقعدہ بروز دوشنبہ

سوال　　صلح حدیبیہ کے موقعہ پر حضرت محمد ﷺ کی طرف سے اہل مکہ سے بات چیت کے لئے کون گئے تھے؟

جواب　　حضرت عثمانؓ

سوال　　حضرت محمد ﷺ نے صلح حدیبیہ کے موقعہ پر صحابہ کرام سے جو بیعت لی اس کا

نام کیا ہے؟

جواب بیعت الرضوان

سوال اس بیعت الرضوان کا پس منظر کیا ہے؟

جواب حضرت عثمانؓ مسلمانوں کے نمائندہ بن کر کفاران قریش سے بات چیت کے لئے گئے تھے اس دوران یہ افواہ پھیل گئی کہ عثمانؓ کو شہید کر دیا گیا۔ اس موقعہ پر صحابہ نے حضرت عثمانؓ کی شہادت کا بدلہ لینے کے لئے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ اس بیعت کو بیعت الرضوان کہا جاتا ہے۔

سوال صلح حدیبیہ کے موقعہ پر کس نے عہد نامہ تحریر کیا؟

جواب حضرت علیؓ نے

سوال اِنَّافَتَحنَا لَکَ فَتحًا مُّبِینًا آیت کس موقعہ پر نازل ہوئی؟

جواب صلح حدیبیہ کے موقعہ پر

سوال کس موقعہ پر فتح مبین کہا گیا؟

جواب صلح حدیبیہ کے موقعہ پر

سوال صلح حدیبیہ کا عہد نامہ تحریر کرتے وقت قریش کا نمائندہ کون تھا؟

جواب سہیل بن عمروؓ

سوال صلح نامہ تحریر کرتے وقت کون مکہ سے فرار ہو کر حضرت محمدؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔ آپ ان سے مخاطب ہو کر کیا ارشاد فرمایا؟

جواب حضرت ابو جندل مکہ سے آئے تھے۔ حضرت محمد ﷺ نے ان سے مخاطب ہو کر فرمایا تھا ''صبر کرو اللہ جلد تم لوگوں کے لئے کشائش کی کوئی راہ نکال دے گا''

سوال عہد نامہ حدیبیہ کی تحریر اور ابو جندلؓ کی واپسی سے متاثر ہو کر کس نے حضرت محمد

ﷺ سے گفتگو کے بعد نادم ہوئے تھے؟

جواب حضرت عمرؓ

سوال عہدنامہ تحریر کرتے وقت کس نے محمد رسول اللہ ﷺ لکھنے پر اعتراض کیا تھا؟

جواب سہیل بن عمرو (قریش کے سفیر)

سوال ہجرت کے بعد حضور ﷺ نے جب پہلی بار عمرہ کا ارادہ فرمایا تو آپ کے ساتھ کتنی تعداد میں صحابہ کرامؓ بھی عمرہ کے لئے تیار ہوگئے تھے؟

جواب تقریباً (1400) چودہ سو

سوال ہجرت کے بعد عمرہ کا ارادہ فرمایا تو آپ کے ساتھ ازواجِ مطہرات میں کون تھیں اور قربانی کے اونٹ کتنے تھے؟

جواب اُم المومنین اُم سلمیٰؓ ساتھ تھیں اور اونٹوں کی تعداد (70) تھی۔

سوال حدیبیہ پہنچنے اور قیام فرمانے کے بعد حضور ﷺ کے پاس سب سے پہلے کون آیا تھا؟

جواب قبیلہ بنوخزاعہ کا رئیس بدیل بن ورقہ چند سرداروں کے ساتھ

## غزوۂ خیبر

سوال غزوۂ خیبر کس سن ہجری میں ہوا؟

جواب سنہ 7 ہجری م 628ء میں

سوال غزوۂ خیبر میں حضرت محمد ﷺ کے ساتھ کون اُم المومنین تھیں؟

جواب اُم سلمہؓ

سوال کس غزوہ میں حضرت محمد ﷺ اپنا لعاب دہن کس صحابی کے آنکھ میں لگایا؟

جواب غزوۂ خیبر میں حضرت علیؓ کے آنکھ میں تکلیف ہونے پر اپنا لعاب دہن آنکھ میں لگایا اور درد دور ہوگیا۔

سوال کس غزوہ میں کس کے تعلق سے حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا ''کل میں اُس کو علم دوں گا جس کے ہاتھ پر خدا فتح دے گا؟

جواب غزوۂ خیبر میں حضرت علیؓ کے تعلق سے۔

سوال کونسے غزوہ میں حضرت محمد ﷺ کو زہر دیا گیا؟

جواب غزوۂ خیبر میں

سوال حضرت محمد ﷺ کو کس نے زہر دیا تھا؟

جواب زینب بنت حارث جو سلام بن حکم یہودی کی بیوی تھی۔

سوال یہ زہر کس چیز میں دیا گیا تھا؟

جواب بکرے کے گوشت میں زہر ملا کر دیا گیا تھا۔

سوال یہودیوں کے مشہور پہلوان مرحب کو کس جنگ میں حضرت علیؓ نے قتل کیا؟

جواب غزوۂ خیبر میں

سوال حضرت محمد ﷺ نے غزوۂ خیبر میں کس سے فرمایا'' ہر ایک نبی کے کچھ معین اور مددگار رہوتے ہیں میرے مددگار تم ہو۔؟

جواب حضرت زبیرؓ

سوال فتح خیبر کے موقعہ پر وہ کون ہیں جو حبشہ سے واپس آ کر حضرت محمد ﷺ سے ملے؟

جواب حضرت جعفر بن ابی طالبؓ

سوال خیبر کے لئے روانگی کے وقت حضرت محمد ﷺ کس کو اپنا قائم مقام مقرر کیا؟

جواب سباع بن عرفطہ غفاریؓ کو

سوال غزوۂ خیبر میں مجاہدین کی کتنی تعداد تھی؟

جواب سولہ سو(1600)

سوال حضرت محمد ﷺ نے غزوۂ خیبر میں کونسا قلعہ فتح کرنے کے لئے حضرت علیؓ

کو مقرر فرمایا تھا؟

جواب قلعہ قموص

سوال خیبر کی فتح کے بعد معاہدہ کے مطابق زمین کی پیداوار کا نصف حصہ لینے کے لئے حضور ﷺ نے کس کو بھیجا کرتے تھے؟

جواب حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کو

## غزوۂ موتہ

سوال غزوۂ موتہ کس ماہ و ہجری میں ہوئی؟

جواب جمادی الاول سنہ 8 ہجری م 629ء میں

سوال کس غزوہ میں حضرت خالد بن ولیدؓ کو امیر یعنی سپہ سالار بنایا جاتا ہے؟

جواب غزوۂ موتہ میں

سوال حضرت محمد ﷺ نے حضرت خالد بن ولیدؓ کو "سیف اللہ" کا خطاب کس غزوہ کے بعد عطا کیا؟

جواب غزوہ موتہ کے بعد

سوال غزوہ موتہ میں حضرت محمد ﷺ نے کس کس کو کمانڈر مقرر کیا؟

جواب (۱) زید بن حارثہؓ اگر یہ شہید ہو جائیں تو (۲) جعفر بن ابی طالبؓ اگر یہ شہید ہو جائیں تو (۳) عبداللہ بن رواحہؓ اگر یہ شہید ہو جائیں تو مسلمان جن کو چاہیں اپنا امیر مقرر کر لیں۔

سوال حضرت محمد ﷺ مدینہ میں رہتے ہوئے کس جنگ کا تمام نقشہ صحابہ کرامؓ کو بیان کر رہے تھے؟

جواب جنگ موتہ کا

سوال ان تین سپہ سالاروں کے نام بتایئے جو جنگ موتہ میں ایک کے بعد ایک شہید ہوئے۔؟

جواب حضرت زید بن حارثہؓ حضرت جعفر بن ابی طالبؓ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے فرمایا کہ جنت میں یاقوت کے دو بازوں کے ساتھ فرشتوں کے ہمراہ پرواز کرتے دیکھا؟

جواب حضرت جعفر بن ابی طالبؓ

سوال جنگ موتہ کے بعد کس شہید کو طیار کا لقب دیا گیا؟

جواب حضرت جعفر بن ابی طالبؓ

# فتح مکہ

سوال کس سن ہجری میں مکہ مکرمہ فتح ہوا؟

جواب سنہ 8 ہجری میں مکہ مکرمہ فتح ہوا۔

سوال فتح مکہ کے وقت حضرت محمد ﷺ کے ساتھ کون سی ازواج مطہرات تھیں؟

جواب ام المومنین اُم سلمہؓ اور اُم المومنین میمونہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کے پاس فتح مکہ کے وقت کونسی تلوار تھی؟

جواب ذوالفقار نامی تلوار

سوال فتح مکہ کے موقعہ پر حضرت محمد ﷺ کے ساتھ ناقہ پر کون سوار تھے؟

جواب حضرت اسامہ بن زید بن حارثہؓ

سوال فتح مکہ کے وقت حضرت محمد ﷺ ناقہ پر سوار ہو کر کونسی سورۃ کی تلاوت کر رہے تھے؟

جواب سورہ فتح کی

سوال فتح مکہ کے وقت حضرت محمد ﷺ نے عورتوں سے کس طرح سے بیعت قبول کر رہے تھے؟

جواب پانی کے بھرے ہوئے برتن میں آپ اپنا دست مبارک ڈال کر نکال دیتے پھر بیعت کرنے والی عورت اس میں اپنا ہاتھ ڈالتی۔

سوال حضرت محمد ﷺ فتح مکہ کے بعد حرم شریف میں کس طرح بتوں کو گرائے تھے؟

جواب حضرت محمد ﷺ ایک کمان ہاتھ میں لے کر ایک ایک بت کو گراتے جاتے اور یہ آیت تلاوت فرماتے۔ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا

سوال فتح مکہ کے موقعہ پر خانہ کعبہ میں داخل ہو کر حضور ﷺ نے زیادہ بلندی پر نصب ہونے والے بتوں کو کس طرح گرایا تھا؟

جواب آپ ﷺ نے حضرت علیؓ کو اپنے دوش مبارک پر کھڑا کیا اور حضرت علیؓ نے اُن بتوں کو توڑا اور گرادیا۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے فتح مکہ کے بعد خانہ کعبہ کی چابی کس کے حوالے کی اور کیا بشارت دی؟

جواب عثمان بن طلحہؓ کو چابی حوالے کرتے ہوئے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا قیامت تک یہ تمہارے خاندان میں رہے گی اور جو تم سے چھینے گا وہ ظالم ہے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے قریش کی عام معافی کا اعلان فتح مکہ کے موقعہ پر کس طرح کیا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا **لاتشریب علیکم الیوم انتم الطلقاء** آج میری طرف سے تم پر کوئی سرزنش نہیں جاؤ تم سب آزاد ہو''

سوال فتح مکہ کے بعد حضرت محمد ﷺ نے کس کو قتل کرنے کا حکم دیا؟

جواب عبدالعزیٰ ابن خطل جو کعبہ کے پردوں کو پکڑ کر کھڑا تھا۔

سوال فتح مکہ کے بعد حضرت محمد ﷺ کس مقام پر بیٹھ کر بیعت لئے؟

جواب کوہ صفا پر

سوال حضرت محمد ﷺ جب مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ پر لشکر کشی کے لئے روانہ ہوئے تو مجاہدین کی تعداد کیا تھی؟

جواب دس ہزار

سوال فتح مکہ کے بعد حضرت محمد ﷺ نے اذان دینے کا حکم کس کو دیا؟

جواب حضرت بلالؓ کو حکم دیا کہ خانہ کعبہ کے اوپر چڑھ کر اذان دیں۔

سوال فتح مکہ کے دوسرے دن حضرت محمد ﷺ نے کہاں کھڑے ہو کر دوسرا خطاب فرمایا؟

جواب کوہ صفا پر

سوال حضرت محمد ﷺ نے فتح مکہ کے بعد کن مخالفت کرنے والوں کو معاف کر دیا؟

جواب (۱)صفوان بن اُمیۃ (۲)عکرمہ بن ابوجہل (۳) کعب بن زبیر (۴)وحشی بن حرب (۵) عبداللہ بن سعد بن ابی سرح (۶) ابولہب کے بیٹے عتبہ اور معتب (۷) ہندہ بنت عتبہ زوجہ ابوسفیان (۸) ہبار بن الاسود۔ یہ تمام مسلمان ہو گئے تھے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے فتح مکہ کے موقعہ پر کس کے گھر کو دارالامان کہا؟

جواب ابوسفیان کے گھر کو

سوال فتح مکہ کے بعد حضرت محمد ﷺ کس کو مکہ کا نگران مقرر کیا؟

جواب حضرت معاذ بن جبلؓ

## غزوۂ حنین

سوال غزوہ حنین کس سنہ ہجری میں واقع ہوئی؟

جواب سنہ 8 ہجری م 630ء میں

سوال غزوہ حنین کے قیدیوں میں کون تھیں جن کی باتیں سن کر حضرت محمد ﷺ کو اپنا بچپن یاد آ گیا؟

جواب آپ ﷺ کی رضاعی بہن شیما

سوال غزوہ حنین کی گھمسان لڑائی کے وقت حضرت محمد ﷺ کے ساتھ ثابت قدمی کے ساتھ کون خاتون تھیں؟

جواب حضرت انسؓ کی والدہ اُمّ سلیمؓ

سوال غزوہ حنین میں حضرت محمد ﷺ جوزرہ زیب تن کی تھی اس کا کیا نام ہے؟

جواب ذات الفضول

سوال غزوہ حنین میں لشکر کفار کا سپہ سالار کون تھا؟

جواب مالک بن عوف

سوال غزوہ حنین میں کس کی قیادت میں لشکر کفار پر حملہ کیا گیا؟

جواب حضرت خالد بن ولیدؓ

سوال کس غزوہ میں کفار کا لشکر دو حصوں میں تقسیم ہو گیا تھا؟

جواب غزوہ حنین میں

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس غزوہ میں کنکریاں اُٹھائیں اور کافروں کے منہ پر ماریں؟

جواب غزوہ حنین میں

سوال قبیلہ بنوہوازن سے جنگ کی تیاریوں کے لئے حضرت محمد ﷺ نے کس سے قرض حاصل کئے تھے؟

جواب عبداللہ بن ربیعہ سے تین ہزار درہم قرض حاصل کئے تھے۔

سوال کس غزوہ میں سب سے زیادہ قیدی گرفتار ہوئے تھے؟

جواب قبیلہ بنوہوازن کے چھ ہزار قیدی جو جنگ حنین میں گرفتار ہوئے تھے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے بنوہوازن سے مقابلے کے لئے کس سے ہتھیار اُدھار لئے تھے؟

جواب صفوان بن اُمیہ سے

سوال حضرت محمد ﷺ کے ساتھ بنوہوازن سے جنگ کے وقت کتنی فوج تھی؟
جواب بارہ ہزار

## غزوۂ تبوک

سوال غزوہ تبوک کس ماہ و ہجری سال میں ہوئی؟
جواب رجب سنہ 9 ہجری م 630ء
سوال غزوہ تبوک کو روانہ ہوتے وقت کس کو مدینہ کا عامل رگورنر مقرر کیا گیا تھا؟
جواب حضرت محمد بن مسلمہ انصاریؓ
سوال غزوۂ تبوک کے موقعہ پر کس نے اپنا پورا مال پیش کیا تھا؟
جواب حضرت ابوبکر صدیقؓ نے
سوال کس نے اپنا نصف مال غزوۂ تبوک میں پیش کیا؟
جواب حضرت عمر فاروقؓ
سوال کس غزوہ کے سفر میں حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نہ یہاں کا پانی پیا جائے نہ اس پانی سے وضو کیا جائے' نہ اس سے آٹا گوندھے' اگر کسی نے گوندھ لیا ہے تو اونٹ کو کھلا دے؟
جواب غزوۂ تبوک کے موقعہ پر
سوال غزوہ تبوک میں حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نہ یہاں کا پانی پیا جائے نہ اس پانی سے وضو کیا جائے' نہ اس سے آٹا گوندھے' اگر کسی نے گوندھ لیا ہے تو اونٹ کو کھلا دے وہ کونسا مقام تھا؟
جواب مدائن صالح' دیار ثمود جہاں عذاب الٰہی نازل ہوا تھا۔
سوال کس غزوہ کے بعد حضرت محمد ﷺ نے ایک مسجد کو شہید کر دیا تھا اس کا نام بتایئے؟
جواب حضرت محمد ﷺ نے غزوہ تبوک کے بعد مسجد ضرار کو شہید کر دیا جہاں منافقین

حضرت محمد ﷺ کے خلاف سازش کیا کرتے تھے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کا آخری غزوہ کون سا تھا؟

جواب غزوۂ تبوک

سوال وہ کون تین صحابی ہیں جو غزوۂ تبوک میں اپنی سستی و کاہلی کا اعتراف کرتے ہوئے شریک نہ ہو سکے؟

جواب (۱) حضرت کعب بن مالکؓ (۲) حضرت بلال بن اُمیہؓ (۳) حضرت مراوہ بن ربیع

سوال غزوہ تبوک میں مجاہدین کی تعداد کتنی تھی؟

جواب تیس ہزار (30,000)

سوال جیش العسرت کس غزوہ کو کہا جاتا ہے؟

جواب غزوۂ تبوک کو

سوال غزوہ تبوک میں کتنے مجاہدین شہید ہوئے؟

جواب ایک بھی نہیں، تصادم کی نوبت نہیں آئی۔

سوال غزوہ تبوک کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب غزوۂ فاضحہ

سوال حضور ﷺ نے اپنی حیات مبارک میں آخری لشکر کہاں روانہ فرمایا تھا اور اس کا سالار کس کو مقرر کیا تھا؟

جواب اُسامہ بن زیدؓ کو سالار بنا کر رومیوں کے خلاف فوج بھیجنے کا حکم دیا تھا۔

☆☆☆☆☆☆☆

# قرآن پاک

سوال حضرت محمد ﷺ کس کے تعلق سے فرمایا کہ وہ اقوام کو رفعتیں عطا فرماتا ہے اور بہت سی قوموں کو پستی میں گرا دیتا ہے؟

جواب قرآن پاک

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کا دل اُجڑے گھر کے مانند کہا؟

جواب جس کے دل میں قرآن پاک نہ ہو۔

سوال حضرت محمد ﷺ کے علاوہ کون قیامت میں سفارش بن کر آئے گا؟

جواب قرآن پاک

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کو اُمت کے معزز ترین لوگ کہا؟

جواب حامل قرآن یعنی مفسرین اور عامل قرآن

سوال حضرت محمد ﷺ کے حضور کس نے اور کس مقام پر سب سے پہلے خدا کا کلام لے کر حاضر ہوئے؟

جواب حضرت جبرئیل علیہ السلام غارِ حرا میں سب سے پہلے خدا کا کلام لے کر حاضر ہوئے۔

سوال پہلی آیت کے نزول کے وقت حضرت محمد ﷺ کی عمر شریف کیا تھی؟

جواب چالیس سال (40)

سوال پہلی وحی کے بعد حضرت محمد ﷺ کو کس نے تسلی دی تھی؟

جواب حضرت خدیجۃ الکبریٰ ؓ

سوال حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ نے پہلی وحی کے بعد حضرت محمد ﷺ کو کس کے پاس لے گئی تھیں؟

جواب ورقہ بن نوفل کے پاس

سوال قرآن پاک میں اُمت وسطیٰ کا لقب کس اُمت کے لئے ہے؟

جواب اُمت محمدیہ کے لئے۔

سوال قرآن میں کس صحابی رسول کا نام آیا ہے؟

جواب زید بن حارثؓ کا

سوال قرآن نے فتح مبین کس کو کہا؟

جواب صلح حدیبیہ کو

سوال جِنوں نے پہلی مرتبہ اللہ کا کلام کس سے اور کس مقام پر سنا؟

جواب حضرت محمد ﷺ جب طائف سے واپس مکہ آرہے تھے راستے میں نخلہ کے مقام پر ٹھہر گئے۔ یہاں پر آپ قرآن کی تلاوت فرمارہے تھے اور جنوں کی جماعت وہاں سے گزر رہی تھی وہ اس مقدس کلام کو سن کر رک گئی۔

سوال قرآن پاک میں حضرت محمد ﷺ کا اسم گرامی کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب قرآن پاک میں نام محمدؐ چار مرتبہ آیا ہے۔

سوال ان سورتوں کے نام بتلائیے جہاں نام محمدؐ آیا ہے؟

جواب (۱) آل عمران آیت 144 (۲) الاحزاب آیت 40 (۳) الفتح آیت 29 (۴) محمد آیت 2

سوال نام احمد کس سورہ میں آیا ہے؟

جواب سورہ الصّف آیت 6 میں

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس سورۃ کے تعلق سے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تورات اور

انجیل میں ایسی سورۃ نہیں اتاری؟

جواب	اُم القرآن یعنی سورہ فاتحہ جیسی سورۃ نہیں اُتاری۔

سوال	روزہ کی فرضیت کا حکم کس سورہ میں ہے؟

جواب	سورہ بقرہ آیت 183 میں

سوال	حضرت محمد ﷺ نے کس سورۃ کے تعلق سے فرمایا کہ اس کی تلاوت سے گھر میں شیطان داخل نہیں ہوسکتا؟

جواب	سورہ بقرۃ

سوال	حضرت محمد ﷺ نے کن آیتوں کے تعلق سے فرمایا کہ وہ آیتوں کی سردار ہے

جواب	آیت الکرسیؔ سورہ بقرہ آیت 255

سوال	حضرت محمد ﷺ کا کس سورۃ میں اُمّی ہونے کا ذکر ہے؟

جواب	سورہ اعراف آیت 158‘157

سوال	حضرت محمد ﷺ نے کن سورتوں کے تعلق سے فرمایا کہ وہ مجھے بوڑھا کر دیا؟

جواب	سورہ ہود ‘و واقعہ اور مرسلات

سوال	حضرت محمد ﷺ کی معراج کا ذکر کس سورۃ میں ہے؟

جواب	سورہ بنی اسرائیل آیت 1

سوال	حضرت محمد ﷺ کو مقام محمود عطا کرنے کا کس سورہ میں ذکر ہے؟

جواب	سورہ بنی اسرائیل آیت 79

سوال	کس سورۃ میں کہا گیا کہ ازواج مطہرات سارے مسلمانوں کی مائیں ہیں؟

جواب	سورہ احزاب آیت 6

سوال	کس سورۃ میں کہا گیا وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا کَآفَّۃً لِّلنَّاسِ (اورہم نے بھیجا ہے آپ کو تمام نوعِ انسانی کے لئے)

جواب سورہ سبا آیت 28

سوال سورہ محمد کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب سورہ قتال

سوال نام محمد رسول اللہ کس سورۃ میں آیا ہے؟

جواب سورہ فتح آیت 29 میں

سوال کس سورہ میں حضرت محمد ﷺ کے سینے کو کھولنے کا ذکر ہے؟

جواب سورہ الم نشرح

سوال حضرت محمد ﷺ کو کوثر عطا کرنے کا ذکر کس سورہ میں ہے؟

جواب سورہ کوثر

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس سورہ کے تعلق سے فرمایا کہ وہ دو تہائی قرآن کے برابر ہے؟

جواب سورہ اخلاص

سوال قرآن مجید کی وہ کونسی پہلی سورۃ ہے جو حضرت محمد ﷺ نے کفارانِ قریش کے سامنے تلاوت کی؟

جواب سورہ نجم

سوال حضرت محمد ﷺ نے کن سورتوں کو معوذات کا نام دیا؟

جواب سورہ الفلق اور سورہ الناس کو معوذات کہا۔

سوال وہ کونسا سورہ ہے جس کی تلاوت سن کر حضرت محمد ﷺ کے ساتھ کفاران قریش نے بھی حرم میں سجدہ کیا ہے؟

جواب سورہ نجم

سوال حضرت محمد ﷺ نے اسم اعظم کن دو آیتوں میں موجود ہے فرمایا؟

جواب وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لاَ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ
الٓمّ اَللّٰهُ لاَ اِلٰهَ اِلَّاهُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

سوال حضرت محمد ﷺ کوکس سورہ میں خاتم النبیین بتایا گیا ہے؟

جواب سورہ احزاب کی آیات 40 میں ارشاد ہوا ہے ''مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖن'' ''محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں مگر وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں۔

سوال وہ کونسی سورۃ اور آیت ہے جس میں آپ ﷺ کو رحمۃ اللعالمین بنا کر مبعوث کرنے کا ذکر ہے؟

جواب سورہ الانبیاء کی آیت 107 میں ارشاد ہوا ہے وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ''اور ہم نے تمام جہاں والوں کے لئے آپ کو رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

سوال سورہ کوثر حضرت محمد ﷺ کے کون سے فرزند کے تعلق سے ہے؟

جواب حضرت قاسمؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کے ذاتی نام سے ایک سورہ کونسے پارے میں ہے؟

جواب سورہ محمد قرآن پاک کے (26) ویں پارہ میں ہے۔

سوال مکہ مکرمہ میں کتنے سال تک حضرت محمد ﷺ پر قرآن پاک نازل ہوتا رہا؟

جواب 13 سال تک

سوال مدینہ شریف میں کتنے سال تک حضرت محمد ﷺ پر قرآن پاک کا نزول ہوتا رہا؟

جواب 10 سال تک

سوال قرآن پاک کی ترتیب کس طرح عمل میں آئی؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی منشاء کے مطابق ترتیب فرمائی۔

سوال قرآن پاک کونسی رات میں حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوا؟

جواب لیلۃ القدر یعنی 27 ویں رمضان المبارک کو

سوال قرآن پاک میں حضرت محمد ﷺ کے دو قریبی تعلق رکھنے والوں کے نام آئے ہیں وہ کون ہیں؟

جواب حضرت زید بن حارثہ جو آپ کے منہ بولے بیٹے ہیں۔ دوسرے آپ کا دشمن ابولہب یہ رشتہ میں چچا ہوتا ہے۔

سوال قرآن میں یاَ یُّھاالنَّبِیُّ کہکر کتنی بار حضرت محمد ﷺ سے خطاب کیا گیا؟

جواب گیارہ بار

سوال اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں کن کن القابات سے حضرت محمد ﷺ کا ذکر کیا ہے؟

جواب **یٰسٓ ، یاَیُّھَاالْمُزَّمِّل ، یاَیُّھَاالْمُدَّثِّرُ ، طٰه**

سوال منافقوں کی نماز جنازہ نہ پڑھانے کا حکم کس سورہ میں آیا ہے؟

جواب سورہ التوبہ آیت 84 میں

سوال اُم المومنین میں سے کون تھیں جنہیں مکمل قرآن حفظ تھا؟

جواب حضرت عائشہؓ حضرت حفصہؓ اور حضرت اُم سلمہؓ

سوال اللہ تعالیٰ نے کس سورہ میں حضرت عائشہؓ کی بے گناہی کا ثبوت دیا؟

جواب سورہ نور میں

☆☆☆☆☆☆☆

# ارشادات نبی اکرم ﷺ

سوال حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا اسلام کی عمارت پانچ چیزوں پر قائم ہے وہ کونسی ہیں؟

جواب اسلام کی عمارت ان پانچ چیزوں پر قائم ہے۔
(۱) کلمہ طیبہ (۲) نماز (۳) زکوٰۃ (۴) روزہ (۵) حج

سوال صحابہ کے سوال پر کہ کونسا مسلمان افضل ہے اس پر حضرت محمد ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا جس کے ہاتھ اور زبان سے مسلمان محفوظ رہیں۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے منافق کی تین نشانیاں فرمائیں وہ کیا ہیں؟

جواب جب بات کہے تو جھوٹ کہے' جب وعدہ کرے تو خلاف کرے اور جب اس کے پاس امانت رکھیں تو خیانت کرے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے سات اعضاء پر سجدہ کرنے کا حکم دیا وہ کون سے ہیں؟

جواب سات اعضاء یہ ہیں۔ پیشانی' دونوں ہاتھ' دونوں گھٹنے اور دونوں پاؤں

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس دن کے تعلق سے فرمایا کہ اس میں ایک ساعت ایسی ہوتی ہے جس میں دعا قبول ہوتی ہے؟

جواب جمعہ کا دن

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس پر نوحہ کرنا مکروہ فرمایا؟

جواب میّت پر

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس مہینے میں عمرہ کرنے کو حج کے برابر فرمایا؟

جواب ماہ رمضان میں

سوال حضرت محمد ﷺ جب بازار میں تھے ایک شخص نے دوسرے شخص کو پکارا ''ابوالقاسم'' آپؐ نے اس کو کیا نصیحت کی؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا میرے نام پر نام رکھو مگر کنیت مت رکھو۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس حوض کے پانی کے تعلق سے یہ فرمایا کہ دودھ سے زیادہ سفید اور مشک سے زیادہ خوشبودار ہے؟

جواب حوضِ کوثر

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کلمہ کے تعلق سے فرمایا ''بہشت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے' وہ کیا ہے؟

جواب **لاَحَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم**

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کی قسم کھانے سے منع فرمایا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ماں باپ کی قسم کھانے سے منع فرمایا ہے جو شخص قسم کھانا چاہے تو اللہ کی قسم کھائے یا خاموش رہے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس موقعہ پر ارشاد فرمایا کہ شیطان میری صورت نہیں بنا سکتا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا جس نے مجھ کو خواب میں دیکھا اس نے بیشک مجھ کو دیکھا کیونکہ شیطان میرا ہم شکل نہیں بن سکتا۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے فرمایا کہ داہنی آنکھ سے کانا ہوگا؟

جواب دجال کے تعلق سے فرمایا۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے فرمایا کہ اپنی جان اور مال سے مجھ پر جتنا احسان کیا اور کسی نے نہیں کیا؟

جواب حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے فرمایا ''میں نے ایک نصرانی عالم کو جنت میں دیکھا ہے جو ریشم کا لباس زیب تن کئے ہوئے ہے کیونکہ وہ مجھ پر ایمان لایا تھا؟

جواب ورقہ بن نوفل

سوال حضرت محمد ﷺ کس مقام کے تعلق سے فرمایا کہ میں ان لوگوں کی تباہی کے لئے کیوں دعا کروں اگر یہ لوگ خدا پر ایمان نہیں لاتے تو کیا ہوا امید ہے کہ ان کی آئندہ نسلیں ضرور خدا پر ایمان لانے والی ہوگی؟

جواب طائف کے لوگوں کے متعلق

سوال حضرت محمد ﷺ کس مقام کے تعلق سے فرمایا '' خدا کی قسم تو اللہ کی سب سے بہترین زمین ہے' اور اللہ کی نگاہ میں سب سے بہترین زمین ہے اور اللہ کی نگاہ میں سب سے بڑھ کر محبوب ہے۔ اگر وہاں سے مجھے نکالا نہ جاتا تو میں کبھی نہ نکلتا؟

جواب مکہ مکرمہ

سوال وہ گنہگاروں کو اس طرح نکال کر پھینک دیتا ہے جیسے بھٹی چاندی کا میل نکال دیتی ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے کس شہر کے تعلق سے فرمایا؟

جواب مدینہ منورہ

سوال دعا کے تعلق سے حضرت محمد ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا دعا ہی عبادت ہے' دعا عبادت کا مغز ہے اور دعا مومن کا ہتھیار ہے۔

سوال ذکر اللہ کے تعلق سے حضرت محمد ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا '' اللہ کو یاد کرنے والے زندوں کے مانند اور اسے

یاد نہ کرنے والے مُردوں کے مانند ہیں۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس سے فرمایا کہ تم کو یہ پسند نہیں کہ وہ دنیا لیں اور ہم آخرت؟

جواب حضرت عمر بن خطابؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس سورہ کے تعلق سے فرمایا ''جو شخص نماز پڑھے اور اس میں وہ سورہ نہ پڑھے وہ ناقص ہے ناقص ہے؟

جواب سورہ فاتحہ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے فرمایا جب گناہ کرتا ہے تو اس کے دل میں ایک سیاہ نکتہ پیدا ہوجاتا ہے اگر وہ توبہ کرلیتا ہے تو یہ سیاہ نکتہ ہٹ جاتا ہے؟

جواب مومن

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس سے مخاطب ہوکر فرمایا ''تم تو تورات کی تلاوت کررہے ہو اگر موسیٰ بھی میرے زمانے میں ہوتے تو وہ میری پیروی کرتے ؟

جواب حضرت عمرؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس پیغمبر کے تعلق سے فرمایا وہ طبعی موت نہیں مرے وہ لوٹ کر آنے والے ہیں؟

جواب حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کو مخاطب ہوکر فرمایا ''اگر اُحد کا یہ پہاڑ میرے لئے سونا بن جائے تو میں کبھی پسند نہ کروں گا کہ تین راتیں گزر جائیں اور اس سے ایک دینار کی مقدار کے برابر بھی میرے پاس رہ جائے؟

جواب حضرت ابوذر غفاریؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے فرمایا ''جس نے ان دونوں سے محبت

کی اس نے مجھ سے محبت کی اور جس نے ان دونوں سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا؟

جواب حسنؓ اور حسینؓ کے تعلق سے فرمایا

سوال حضرت محمد ﷺ گھر سے باہر نکلتے وقت کیا دعا پڑھتے تھے؟

جواب بِسْمِ اللّٰهِ تَوَکَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلاَّ بِاللّٰه

سوال حضرت محمد ﷺ نے چھینک آنے پر اور چھینک سننے پر کیا پڑھنے کے لئے فرمایا؟

جواب چھینک آئے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰه اور سننے والا یَرْحَمُکَ اللّٰه کہے

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے فرمایا ''آسمان کسی ایسے شخص پر سایہ فگن نہیں ہوا اور زمین کسی ایسے شخص کو کندھوں پر نہیں اُٹھایا جو ان سے زیادہ سچی زبان رکھتا ہو؟

جواب حضرت ابوذر غفاریؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کی میّت پر فرمایا ''مرنے والے کی موت پر عرشِ رحمٰن لرز اٹھا' آسمانوں کے دروازے اس کی روح کے لئے کشادہ کر دیئے گئے اور ستر ہزار فرشتے اس کے جنازہ میں شریک ہوئے؟

جواب حضرت سعد بن معاذؓ

## شب و روز

سوال حضرت محمد ﷺ کھانے سے پہلے کیا دعا پڑھتے تھے؟

جواب اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ مَا رَزَقْتَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّار بسم اللّٰه (اے اللہ آپ نے ہمیں جو رزق عنایت فرمایا اس میں ہمیں برکت عنایت فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔ اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔)

سوال حضرت محمد ﷺ کتنی اُنگلیوں سے کھانا تناول فرماتے تھے؟

جواب تین اُنگلیوں سے

سوال حضرت محمد ﷺ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد کیا دعا پڑھتے تھے؟

جواب **اَلْحَمْدُلِلّٰهِ الَّذِی اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ** (سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے کھلایا اور پلایا اور مسلمان بنایا)

سوال حضرت محمد ﷺ پانی کس طرح پیتے تھے؟

جواب حضرت محمد ﷺ ہمشہ بیٹھکر پانی پیتے اور پانی تین سانس میں پیتے تھے۔ پانی پیتے سانس لیتے، پانی پیتے سانس لیتے، پانی پیتے سانس لیتے اس طرح سے پانی پینا زیادہ مفید ہے اور حصولِ شفا کے لئے اچھا ہے۔

سوال حضرت محمد ﷺ بستر پر لیٹتے تو کیا دعا پڑھتے تھے؟

جواب **اَللّٰهُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی** پڑھتے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نئے پھل کے استعمال پر کیا پڑھتے؟

جواب **اللهم كما اريتنا اوله ارنااخره** (اے اللہ جس طرح آپ نے ہمیں اس پھل کا شروع دکھلایا اس کا آخر بھی دکھا۔)

سوال بیت الخلاء میں جاتے تو کیا دعا پڑھتے؟

جواب **اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِث** (اے اللہ تیری پناہ چاہتا ہوں خبیث جنوں سے مرد ہوں یا عورت)

سوال بیت الخلاء سے باہر آنے پر کیا دعا پڑھتے؟

جواب **اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ** (سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے مجھ سے ایذا دینے والی چیزوں کو دور کیا اور مجھے چین دیا۔

سوال حضرت محمد ﷺ کسی ایسے شخص کو بلانا چاہتے ہوں اُس کے نام سے واقف

نہیں تو کس طرح بلاتے؟

جواب اُسے یا عبداللہ کہہ کر پکارتے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کو گھر کے فرد یا صحابی بلاتے تو آپ کیا جواب فرماتے؟

جواب لبیک (حاضر ہوں)

سوال حضرت محمد ﷺ سفر کے لئے کس دن کو پسند کرتے تھے؟

جواب جمعرات کو

سوال حضرت محمد ﷺ صدقہ اور ہدیہ میں کونسے مال کو قبول فرماتے تھے؟

جواب ہدیہ کو

سوال حضرت محمد ﷺ کو کونسا روغن پسند تھا؟

جواب روغن زیتون

سوال رنگوں میں حضرت محمد ﷺ کو کونسا رنگ پسند تھا؟

جواب سبز رنگ

سوال حضرت محمد ﷺ سفر کے دوران کونسی چیزیں ساتھ رکھتے تھے؟

جواب تیل کی شیشی، سرمہ دانی، آئینہ، کنگھی، قینچی، مسواک، سوئی دھاگہ۔ یہ سب چیزیں ایک چمڑے کے تھیلے میں رکھا کرتے تھے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کے عمامہ اور کمبل کا رنگ کیسا تھا؟

جواب سیاہ

## معجزات

سوال معجزہ کس کو عطا کیا جاتا ہے؟

جواب رسولوں، نبیوں اور خلیفۃ اللہ کو عطا کیا جاتا ہے۔

سوال مکہ میں قحط پڑنے پر ابو طالب کس کو لے جا کر خانہ کعبہ میں دعا کی درخواست

کرتے ہیں؟

جواب ابوطالب دعا کے لئے حضرت محمد ﷺ کو خانہ کعبہ میں لے آتے ہیں۔ محمد ﷺ کی پشت مبارک کو دیوار کعبہ سے لگا کر بارش کے لئے دعا کی درخواست کرتے ہیں۔ حضرت محمد ﷺ اپنی انگشت مبارک آسمان کی طرف اُٹھاتے ہیں، دل ہی دل میں دعا کرتے ہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں آسمان پر بادل نمودار ہوجاتے ہیں۔ آپ ﷺ گھر تک نہیں پہنچتے کہ بارش شروع ہوجاتی ہے۔

سوال معجزہ شق القمر کا واقعہ کس مقام پر ہوا اور کس نے درخواست کی تھی؟

جواب یہ واقعہ مکہ مکرمہ میں ہوا اور مشرکین نے درخواست کی تھی۔

سوال شق القمر سے کیا مراد ہے؟

جواب ایک رات کفار مکہ نے حضرت محمد ﷺ سے کہا کہ کوئی معجزہ دکھائیے۔ آنحضرت ﷺ نے اس وقت ہاتھ کے اشارے سے چاند کے دو ٹکڑے کردیئے اور سب حاضرین نے یہ معجزہ دیکھا پھر دونوں ٹکڑے آپس میں مل گئے۔

سوال آفتاب کا غروب ہوکر جب ہی پھر واپس طلوع ہونا یہ معجزہ کس مقام پر ہوا؟

جواب خیبر کے قریب مقام صہبا میں

سوال معجزہ آفتاب کا غروب ہوکر جب ہی پھر واپس طلوع ہونے کا پس منظر کیا ہے؟

جواب حضرت محمد ﷺ کا سر مبارک حضرت علیؓ کے گود میں تھا۔ حضرت علیؓ نماز عصر نہیں پڑھ سکے یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا۔ حضرت محمد ﷺ کے پوچھنے پر حضرت علیؓ نے کہا کہ نماز عصر نہیں پڑھی۔ حضرت محمد ﷺ نے دعا کی کہ اے اللہ علی تیرے رسول کی اطاعت میں تھا۔ آفتاب کو واپس کھینچ دے تاکہ نماز عصر اپنے وقت پر ادا کرسکے۔ اس دعا کے بعد ہی آفتاب پھر واپس آتا ہے حضرت علیؓ نماز عصر ادا کرتے ہیں۔

سوال حضرت محمد ﷺ کے کوئی پانچ معجزات مختصر طور پر بیان کیجئے؟

جواب (۱) حضرت محمد ﷺ کے اشارہ سے چاند کا شق ہو جانا۔

(۲) پتھر اور درخت کا حضرت محمد ﷺ کو سلام کرنا۔

(۳) چوپایہ، مویشی کا آپ ﷺ سے کلام کرنا، آپ ﷺ کی رسالت کی گواہی دینا۔

(۴) آپ ﷺ کے ہاتھ کی اُنگلیوں سے پانی کا نکلنا۔

(۵) آپ ﷺ کی جدائی سے حنانہ لکڑی کا رو پڑنا۔

## آخری ایام

سوال حضرت محمد ﷺ کی علالت کا آغاز کس ماہ کی کونسی تاریخ سے ہوا؟

جواب **18** یا **19** صفر سنہ **11** ہجری سے ہوا۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے مسجد میں اپنی آخری نماز کس دن پڑھائی اور وہ کونسی نماز تھی؟

جواب چہار شنبہ کے دن مغرب کی نماز پڑھائی۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے مسجد نبوی میں آخری نماز میں آپ ﷺ نے کون سی سورۃ پڑھی تھی؟

جواب سورہ مرسلات

سوال حضرت محمد ﷺ نے علالت کے دوران کس کو نماز پڑھانے کا حکم دیا؟

جواب حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کا آخری کلام کیا تھا؟

جواب نماز، نماز اور تمہارے لونڈی و غلام کا خیال رکھو بس اب اور کوئی نہیں صرف رفیق الاعلیٰ درکار ہے۔(**بل الرفیق الاعلیٰ**)

سوال کس ام المومنین کے حجرہ میں حضرت محمد ﷺ آخری ایام گزارے؟

جواب بی بی عائشہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کا وصال کس دن و تاریخ کو ہوا؟

جواب 2ربیع الاول سنہ 11 ہجری پیر کے دن

سوال حضرت محمد ﷺ کا وصال کس کے حجرے میں ہوا تھا؟

جواب بی بی عائشہؓ کے حجرے میں

سوال کس صحابیؓ نے وفات کی خبر سن کر تلوار نکالی؟

جواب حضرت عمر فاروقؓ

سوال وفات کے وقت حضرت محمد ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب 63 سال

سوال حضرت محمد ﷺ کو غسل کس نے دیا؟

جواب حضرت علیؓ ،فضل بن عباسؓ ،قثم بن عباسؓ اور حضرت عباسؓ بھی موجود تھے
حضرت اسامہ بن زیدؓ نے پردہ پکڑے رکھا تھا۔

سوال حضرت محمد ﷺ کی لحد مبارک کس نے کھودی تھی؟

جواب ابوطلحہؓ نے

سوال حضرت محمد ﷺ کی نماز جنازہ کی امامت کس نے کی تھی؟

جواب آپ ﷺ کی نماز جنازہ میں کوئی امام نہ تھا۔لوگ گروہ در گروہ حجرے میں
داخل ہوتے اور نماز جنازہ پڑھ کر چلے جاتے تھے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کی لحد مبارک میں کون کون اُترے تھے؟

جواب حضرت علیؓ ،اسامہ بن زیدؓ ،فضل بن عباسؓ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ

☆☆☆☆☆☆☆

# ازواج مطہرات

سوال حضرت محمد ﷺ کے ازواج مطہرات کے نام کیا ہیں؟

جواب اُم المومنین بی بی خدیجہ الکبریٰ ؓ بی بی سودہؓ بی بی عائشہؓ بی بی حفصہؓ بی بی اُم سلمہؓ بی بی اُم حبیبہؓ بی بی زینب بنت جحشؓ بی بی زینب بنت حزیمہؓ بی بی میمونہؓ بی بی جویریہؓ بی بی صفیہؓ بی بی ماریہؓ

## اُم المومنین بی بی خدیجۃ الکبریٰ ؓ:

سوال حضرت محمد ﷺ نے پہلا نکاح کس سے فرمایا؟

جواب بی بی خدیجۃ الکبریٰ بنت خویلد

سوال حضرت خدیجۃ الکبریٰ سے نکاح کس سن عیسوی میں ہوا؟

جواب ستمبر 595ء میں

سوال بی بی خدیجۃ الکبریٰ ؓ کا لقب کیا تھا؟

جواب طاہرہ

سوال بی بی خدیجۃ الکبریٰ ؓ کا انتقال کہاں ہوا؟

جواب مکہ معظّمہ میں

سوال حضرت بی بی خدیجۃ الکبریٰ ؓ سے کتنے صاحبزادے اور صاحبزادیاں ہوئیں؟

جواب دو صاحبزادے حضرت قاسم اور حضرت عبداللہ اور چار صاحبزادیاں حضرت زینبؓ حضرت رقیہؓ حضرت اُم کلثومؓ اور حضرت فاطمہؓ

سوال وہ خاتون کون تھیں جو حضرت محمد ﷺ کی سچائی، امانت اور اچھے اخلاق کو محسوس کر کے ان کی خدمت میں عطیات، تحفے روانہ کرتی تھیں؟

جواب حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ

سوال ایمانی دوڑ میں اوراسلام پرسبقت لے جانے والی دوڑ میں خاتون اول کون ہے

جواب بی بی خدیجۃ الکبریٰؓ

سوال تین کامل خواتین کون ہیں؟

جواب (۱)مریم بنت عمران (۲) آسیہ زوجہ فرعون (۳) خدیجہ بنت خویلدؓ

سوال حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے صفات عالیہ بیان کیجئے؟

جواب آپؓ نے حضرت محمد ﷺ کی سب سے پہلے تصدیق کی سب سے پہلے آپ کے ساتھ نماز پڑھی۔ سب سے پہلے آپؐ کی اولاد انہی سے ہوئی' سب سے پہلے جنت کی بشارت انہی کو ملی' سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے انہیں سلام کہلوایا' پہلی زوجہ وفات کے اعتبار سے بھی پہلی شخصیت ہیں جن کی قبر میں آپؐ اُترے۔

سوال آپؓ کی وفات کس سن نبوی میں ہوئی؟

جواب 11 /رمضان م 10 نبوی کو (ہجرت سے تین سال پہلے)

سوال حضرت محمد ﷺ کی حیات ہی میں آپ کی کونسی صاحبزادی وفات پائیں؟

جواب (۱) حضرت زینب 8 ہجری میں (۲) حضرت رقیہ 4 ہجری میں (۳) حضرت ام کلثوم 9 ہجری میں

## اُم المومنین بی بی سودہؓ

سوال کس بی بی نے کہا تھا کہ قیامت کے دن میرا حشر اس حال میں ہو کہ میں آپؐ کی ازواج میں شمار کی جاؤں؟

جواب حضرت سودہ بنت زمعہؓ

سوال حضرت سودہؓ سے آپ کا نکاح کب ہوا؟

جواب 10 نبوی میں (تین سال قبل ہجرت سے) فبروری 619ء

سوال حضرت بی بی سودہؓ کی وفات کس ہجری میں ہوئی؟

جواب 22/ہجری میں

سوال حضرت محمد ﷺ سے حضرت سودہؓ کے نکاح کے وقت حضرت سودہؓ کے کس بھائی نے ناپسندیدگی کا اظہار کیا تھا؟

جواب عبداللہ بن زمعہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے حضرت سودہؓ ، حضرت فاطمہؓ اور حضرت کلثومؓ کو مکہ سے مدینہ لانے کے لئے کس کو روانہ کیا تھا؟

جواب حضرت زید بن حارثہؓ اور حضرت ابورافعؓ کو

سوال حضرت سودہؓ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

جواب صرف پانچ احادیث

سوال حضرت محمد ﷺ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جن سے نکاح کے وقت عمر دونوں کی برابر تھی؟

جواب حضرت سودہؓ کی اور حضرت محمد ﷺ کی عمر شریف 50 سال تھی۔

سوال حضرت محمد ﷺ کا ازواج مطہرات میں سب سے بلند قد کس کا تھا؟

جواب حضرت سودہؓ کا

## اُم المومنین بی بی عائشہؓ

سوال ام المومنین بی بی عائشہؓ کس کی بیٹی تھیں؟

جواب حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال حضرت بی بی عائشہؓ کا لقب کیا تھا؟

جواب بی بی عائشہؓ کا لقب صدیقہ تھا۔

سوال حضرت محمد ﷺ کے اخلاق کیسے تھے پوچھنے پر کونسی اُم المومنین نے کہا کہ تم نے قرآن نہیں پڑھا؟

جواب حضرت بی بی عائشہؓ

سوال حضرت بی بی عائشہؓ سے حضرت محمد ﷺ کا نکاح کب ہوا؟

جواب ہجرت سے تین سال قبل 10 نبوی جب کہ بی بیؓ کی عمر چھ سال کی تھی مارچ 619ء۔

سوال حضرت عائشہؓ رسم عروسی کس عمر میں ادا ہوئی؟

جواب 9 سال کی عمر میں

سوال حضرت عائشہؓ کی کنیت کیا تھی؟

جواب اُم عبداللہ یا اُم رومان (بھانجے عبداللہ بن زبیر کے تعلق سے)

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس زوجہ مطہرہ کی اوڑھنی سے جنگ بدر میں اسلامی پرچم بنایا؟

جواب حضرت عائشہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کی کونسی زوجہ ہیں جن کا پہلا نکاح حضرت محمد ﷺ سے ہوا

جواب حضرت عائشہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کی کس زوجہ مطہرہ کا نام حمیرہ تھا؟

جواب حضرت عائشہؓ

سوال اللہ تعالیٰ نے کس سورہ میں بی بی عائشہؓ کی بے گناہی کا ثبوت دیا؟

جواب سورہ نور میں

سوال حضرت عائشہؓ نے اپنی زندگی میں کتنے غلاموں کو آزاد کروایا؟

جواب 67

سوال کس زوجہ مطہرہ کی پاک دامنی کا ذکر قرآن میں آیا؟

جواب حضرت عائشہؓ

سوال کس اُم المومنین کا حجرہ مبارک کو حضرت محمد ﷺ کا مدفن بننا نصیب ہوا؟

جواب بی بی عائشہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کی رحلت کے وقت حضرت عائشہ ؓ کی عمر کیا تھی؟

جواب 18سال۔

سوال حضرت محمد ﷺ کی ازواج مطہرات میں کونسی خوش نصیب خاتون ہیں جو اسلامی گھرانے میں آنکھ کھولی تھی؟

جواب حضرت عائشہ صدیقہؓ

سوال حضرت عائشہؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب جنت البقیع میں

سوال بی بی عائشہؓ سے کتنے روایات مروی ہیں؟

جواب 2270روایات مروی ہیں

سوال بی بی عائشہ ؓ کی وفات کس تاریخ کو ہوئی؟

جواب 17رمضان المبارک 57یا58ھ کو وفات ہوئی۔اس وقت عمر 67سال تھی۔

سوال حضرت عائشہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب حضرت ابو ہریرہؓ

## ام المومنین بی بی حفصہؓ

سوال اُم المومنین حضرت حفصہؓ کس کی بیٹی تھیں؟

جواب حضرت عمر فاروقؓ کی

سوال حضرت حفصہؓ سے حضرت محمد ﷺ کا نکاح کس ہجری میں ہوا؟

جواب سنہ 3 ہجری م 625 عیسوی

سوال حضرت حفصہؓ کا انتقال کس ہجری میں ہوا؟

جواب سنہ 45 ہجری میں مدینہ میں وفات ہوئی۔

سوال حضرت حفصہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب مروان بن حکم نے

سوال حضرت حفصہؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب جنت البقیع میں

سوال اُمہات المومنین میں لکھنا کون جانتی تھیں؟

جواب حضرت حفصہؓ۔

سوال حضرت حفصہؓ سے کتنے احادیث مروی ہیں؟

جواب 60 حدیثیں

## اُم المومنین بی بی زینب بنت خزیمہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے حضرت زینب بنت خزیمہ سے کب نکاح کیا؟

جواب سنہ 3 ہجری مطابق 625 عیسوی میں

سوال وہ کون ہے جو اُم المساکین کے لقب سے مشہور تھیں؟

جواب زینب بنت خزیمہؓ۔

سوال حضرت زینب بنت خزیمہؓ کا انتقال کب ہوا اور عمر کیا تھی؟

جواب سنہ 4 ہجری میں 30 برس کی عمر میں انتقال ہوا۔

سوال حضرت زینب بنت خزیمہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے

سوال حضرت زینب بنت خزیمہؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟

جواب جنت البقیع میں۔

سوال حضرت محمد ﷺ کی حیات مبارکہ میں حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے علاوہ کونسی زوجہ مطہرہ کا انتقال ہوا؟

جواب حضرت زینب بنت خزیمہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کی ازواج مطہرات میں سب سے کم عمر کس نے پائی؟

جواب حضرت زینب بنت خزیمہؓ

## اُم المومنین بی بی اُم سلمہؓ

سوال حضرت اُم سلمہؓ سے حضرت محمد ﷺ کا نکاح کب ہوا؟

جواب شوال 4 ہجری مطابق مارچ 626 عیسوی میں

سوال حضرت اُم سلمہؓ کا اصلی نام کیا تھا؟

جواب ہند

سوال ہجرت کر کے مدینہ آنے کا کس عورت کو اولین درجہ حاصل ہوا؟

جواب حضرت اُم سلمہؓ

سوال صلح حدیبیہ کے بعد جب حضرت محمد ﷺ نے صحابہ کو سر منڈوانے اور قربانی دینے کا حکم دیا۔ اور صحابہؓ عمرہ ادا نہ ہونے سے مغموم تھے کہ اس حکم کی تعمیل میں تامل ہوا جس سے حضور ﷺ کو رنج ہوا۔ اس موقعہ پر کس بی بی نے اپنی

تدبیر سے معاملہ کو سلجھایا؟

جواب حضرت اُم سلمہؓ نے حضرت محمد ﷺ سے عرض کی پہلے آپ اپنا حلق کریں۔ آپ کے اس عمل کو دیکھ کر سب حکم کی تعمیل کریں گے۔ جب آپؐ نے ایسا کیا تو تمام صحابہ فوراً اپنا سر منڈوانے لگے۔

سوال اُمہات المومنین میں سے کس کے پاس حضرت محمد ﷺ کے کچھ موئے مبارک چاندی کی ڈبیہ میں محفوظ تھے؟

جواب حضرت اُم سلمہؓ۔

سوال حضرت محمد ﷺ کے ازواج مطہرات میں سب سے آخر میں کس نے رحلت فرمائی؟

جواب حضرت اُم سلمہؓ

سوال کس سنہ ہجری میں حضرت اُم سلمہؓ کی وفات ہوئی؟

جواب **62** یا **63** ہجری میں

سوال حضرت اُم سلمہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب حضرت ابو ہریرہؓ

سوال حضرت اُم سلمہؓ کی تدفین کہاں ہوئی؟

جواب جنت البقیع میں

سوال حضرت محمد ﷺ کے ازواج مطہرات میں سب سے زیادہ عمر کس نے پائی؟

جواب حضرت اُم سلمہؓ نے **84** سال کی عمر میں وفات پائی۔

## اُم المومنین بی بی زینب بنت جحشؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کا کس اُم المومنین سے نکاح اللہ تعالیٰ نے کیا؟

جواب	اُم المومنین حضرت زینب بنت جحشؓ

سوال	حضرت زینب بنت جحشؓ سے حضرت محمد ﷺ کا نکاح کس ہجری میں ہوا؟

جواب	شوال سنہ 6 ہجری مطابق 627 عیسوی میں

سوال	کس کے ولیمہ میں کھانے کے بعد کچھ صحابہ کرام طویل گفتگو میں مصروف رہے تو اللہ تعالیٰ نے سورہ احزاب کی آیت نمبر 5 نازل فرمائی۔ ''جب کھانا کھالو تو منتشر ہو جاؤ باتیں کرنے نہ لگ جاؤ''

جواب	حضرت زینب بنت جحشؓ

سوال	حضرت محمد ﷺ کے پردہ فرمانے کے بعد کونسی زوجہ کا پہلے انتقال ہوا؟

جواب	حضرت زینب بنت جحشؓ

سوال	کس ہجری میں حضرت زینبؓ کا انتقال ہوا؟

جواب	سنہ 20 ہجری مطابق 641 عیسوی میں

سوال	حضرت بی بی زینبؓ کی نماز جنارہ کس نے پڑھائی؟

جواب	حضرت عمر فاروقؓ

سوال	اسلام کی وہ کونسی پہلی خاتون ہیں جن کے لئے تابوت بنایا گیا؟

جواب	حضرت بی بی زینب بنت جحشؓ

## اُم المومنین بی بی جویریہؓ

سوال	اُم المومنین حضرت جویریہؓ کس غزوہ میں قیدی بن کر آئیں تھیں؟

جواب	غزوہ مریسیع میں

سوال	حضرت جویریہؓ سے حضرت محمد ﷺ کا نکاح کب ہوا؟

جواب	سنہ 5 ہجری مطابق 626 عیسوی میں

سوال بی بی جویریہؓ کی وفات کس سن ہجری میں ہوئی اور کتنی عمر پائی؟

جواب سنہ 50 ہجری میں، 65 سال کی عمر میں وفات پائی۔

سوال حضرت محمد ﷺ کی کس زوجہ نے جنگ یرموک میں حصہ لیا تھا؟

جواب حضرت جویریہؓ

سوال حضرت جویریہؓ کی قبر مبارک کہاں ہے؟

جواب جنت البقیع میں۔

سوال حضرت محمد ﷺ سے نکاح کے بعد مسلمانوں نے تمام قیدیوں کو رہا کر دیا وہ کون بی بی تھیں؟

جواب حضرت جویریہؓ سے نکاح کے بعد مسلمانوں نے تمام قیدیوں کو رہا کر دیا یہ تمام رسول اللہ ﷺ کے رشتہ دار ہیں جنہیں لونڈی یا غلام نہیں بنایا جا سکتا تھا۔

## اُم المومنین بی بی اُم حبیبہؓ

سوال اُم المومنین بی بی حبیبہ کس کی بیٹی ہیں؟

جواب حضرت ابوسفیانؓ

سوال اُم حبیبہؓ سے حضرت محمد ﷺ کا نکاح کب ہوا؟

جواب ذی الحجہ سنہ 6 ہجری مطابق سنہ 627 عیسوی میں

سوال بی بی اُم حبیبہؓ کی وفات کس ہجری میں ہوئی؟

جواب سنہ 44 ہجری میں

سوال حضرت محمد ﷺ کی کونسی زوجہ ہیں جو اپنے والد کو حضرت محمد ﷺ کے بستر پر بیٹھنے نہیں دیا؟

جواب حضرت اُم حبیبہؓ نے

سوال حضرت اُم حبیبہؓ کا غائبانہ نکاح (حضرت محمد ﷺ سے) کس نے اور کہاں پڑھایا؟
جواب نجاشی نے حبشہ میں پڑھایا
سوال حضرت اُم حبیبہؓ کا مدفن کہاں ہے؟
جواب جنت البقیع میں
سوال حضرت اُم حبیبہؓ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟
جواب 65 حدیثیں
سوال اُمہات المومنین میں کون حضرت امیر معاویہؓ کی حقیقی بہن تھیں؟
جواب حضرت اُم حبیبہؓ

## اُم المومنین بی بی میمونہؓ

سوال حضرت میمونہؓ سے حضرت محمد ﷺ کا نکاح کس ہجری میں ہوا؟
جواب سنہ 7 ہجری مطابق 628 عیسوی میں
سوال حضرت میمونہؓ کی وفات کس ہجری میں ہوئی اور عمر کیا تھی؟
جواب سنہ 51 ہجری میں انتقال ہوا اور عمر شریف 81 برس تھی۔
سوال حضرت میمونہؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟
جواب حضرت عبداللہ بن عباسؓ
سوال حضرت میمونہؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟
جواب مقام سرف میں جو مکہ سے 10 میل کے فاصلے پر مدینہ کے راستہ پر ہے۔
سوال حضرت محمد ﷺ کا آخری نکاح کس زوجہ مطہرہ سے ہوا تھا؟
جواب حضرت میمونہؓ سے
سوال حضرت میمونہؓ سے کتنی حدیثیں مروی ہیں؟
جواب 36 حدیثیں مروی ہیں۔

# اُم المومنین بی بی صفیہؓ

سوال حضرت صفیہؓ کس مقام کی رئیس زادی تھیں؟
جواب خیبر کی
سوال حضرت صفیہؓ کا عقد حضرت محمد ﷺ سے کس سن ہجری میں ہوا؟
جواب سنہ 7 ہجری میں
سوال حضرت محمد ﷺ نے کس زوجہ سے کہا کہ "تم نے یہ کیوں نہ کہہ دیا کہ ہارونؑ میرے باپ، موسیٰؑ میرے چچا اور محمد ﷺ میرے شوہر ہیں؟
جواب اُم المومنین بی بی صفیہؓ سے
سوال حضرت صفیہؓ کی وفات کس سنہ ہجری میں ہوئی اور عمر کیا تھی؟
جواب سنہ 50 ہجری میں انتقال ہوا اور عمر شریف 60 برس تھی۔
سوال حضرت صفیہؓ کو کہاں دفن کیا گیا؟
جواب جنت البقیع میں

# ام المومنین بی بی ماریہ قبطیہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کی خدمت میں اُم المومنین حضرت ماریہ قبطیہؓ کو کس حکمران نے بھیجا تھا؟
جواب شاہ مقوقس مصر کے حاکم نے
سوال اُم المومنین بی بی ماریہؓ کے بطن سے کون پیدا ہوئے؟
جواب حضرت ابراہیمؑ
سوال حضرت محمد ﷺ نے اپنے بیٹے ابراہیم کا عقیقہ کتنے دن بعد کیا؟
جواب ساتویں دن
سوال بی بی ماریہ قبطیہؓ کی وفات کس سن ہجری میں ہوئی؟
جواب سنہ 16 ہجری میں

# اولاد

سوال حضرت محمد ﷺ کی سب سے پہلی اولاد اور ان کی ماں کا نام کیا تھا؟
جواب حضرت قاسم جو بی بی خدیجۃ الکبریٰ ؓ کے بطن سے ہوئے تھے۔
سوال حضرت محمد ﷺ کی سب سے آخری اولاد اور ان کی ماں کا نام کیا تھا؟
جواب حضرت ابراہیمؓ جو بی بی ماریہؓ سے تھے۔
سوال حضرت محمد ﷺ کی سب سے بڑی صاحبزادی اوران کی والدہ کا نام کیا تھا؟
جواب حضرت زینبؓ جو بی بی خدیجۃ الکبریٰ ؓ کے بطن سے ہوئیں۔
سوال حضرت محمد ﷺ کی سب سے چھوٹی صاحبزادی اوران کی والدہ کا نام کیا تھا؟
جواب حضرت فاطمہؓ جو بی بی خدیجۃ الکبریٰ ؓ کے بطن سے تھیں۔
سوال حضرت محمد ﷺ کی اولاد میں سے سب سے پہلے کس کا انتقال ہوا؟
جواب حضرت قاسمؓ کا
سوال حضرت محمد ﷺ نے اپنے کس فرزند کی نماز جنازہ پڑھائی تھی؟
جواب حضرت ابراہیم ؓ کی
سوال حضرت محمد ﷺ کے فرزند ابراہیمؓ کا انتقال کب ہوا؟
جواب سنہ 10 ہجری میں
سوال حضرت محمد ﷺ نے اپنی صاحبزادیوں میں کس کی نماز جنازہ خود پڑھائی؟
جواب حضرت زینبؓ اور حضرت اُم کلثومؓ کی
سوال حضرت محمد ﷺ کے کس فرزند کو طاہر اور طیب کہا جاتا ہے؟
جواب حضرت عبداللہؓ کو
سوال فتح بدر کے دن حضرت محمد ﷺ کی کس صاحبزادی کا انتقال ہوا؟
جواب حضرت رقیہؓ کا

سوال		حضرت محمد ﷺ کے فرزندوں کے نام کیا ہیں؟
جواب		حضرت قاسمؓ حضرت عبداللہؓ اور حضرت ابراہیمؓ
سوال		حضرت محمد ﷺ کے صاحبزادیوں کے نام کیا ہیں؟
جواب		حضرت زینبؓ حضرت رقیہؓ حضرت اُم کلثومؓ اور حضرت فاطمہؓ
سوال		حضرت محمد ﷺ کے وصال کے وقت کونسی صاحبزادی قریب تھیں؟
جواب		بی بی فاطمہؓ
سوال		حضرت محمد ﷺ کے کس فرزند کے انتقال پر اتفاقاً سورج گہن ہوا تھا؟
جواب		حضرت ابراہیمؓ
سوال		حضرت محمد ﷺ کے وہ کونسے داماد ہیں جن کو دو بیٹیاں بیاہی گئیں اور ان کے نام کیا ہیں؟
جواب		حضرت عثمانؓ کو پہلی دختر حضرت سیدہ رقیہؓ اور ان کے انتقال کے بعد دوسری دختر اُم کلثومؓ بیاہی گئیں۔
سوال		حضرت محمد ﷺ نے ہجرت کی رات میں کس داماد کو اپنے بستر مبارک پر سلایا تھا؟
جواب		حضرت علیؓ
سوال		حضرت محمد ﷺ کے وصال کے بعد آپ کی اولاد میں کس نے پہلے انتقال کیا؟
جواب		حضرت سیدہ فاطمہؓ
سوال		حضرت محمد ﷺ جب سفر سے واپس آتے تو اپنے مکان سے پہلے کس کے مکان جاتے؟
جواب		حضرت فاطمہؓ
سوال		سیدۃ النساء کس کا لقب ہے؟
جواب		حضرت فاطمہؓ کا
سوال		حضرت محمد ﷺ کی کس بیٹی کو خاتون جنت کہا جاتا ہے؟
جواب		حضرت فاطمہؓ

# فرائض نبوت

## نماز

سوال نماز اسلام کی عبادت کا کونسا رکن ہے؟

جواب دوسرا رکن

سوال نماز کے فرض ہونے کا حکم اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو کس مقام پر دیا؟

جواب عرش اعلیٰ پر

سوال حضرت محمد ﷺ کس کے تعلق سے ارشاد فرمایا '' بے شک بندہ ادا کرتا ہے لیکن اس کے نامۂ اعمال میں اس کا دسواں، نواں، آٹھواں، ساتواں، چھٹا یا پانچواں، چوتھا، تیسرا یا نصف حصہ لکھا جاتا ہے؟

جواب نماز کے تعلق سے فرمایا۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس چیز کے چھوڑنے کو کفر کہا؟

جواب نماز

سوال کونسی نماز چھوڑنے پر حضرت محمد ﷺ نے اعمال باطل ہونے کا ارشاد فرمایا ہے؟

جواب نماز عصر

سوال حضرت محمد ﷺ نے کن دو نمازوں کی ادائی پر فرمایا کہ '' وہ شخص ہرگز آگ میں داخل نہیں ہوگا''؟

جواب نماز فجر اور نماز عصر۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس نماز کے تعلق سے فرمایا کہ وہ پڑھنے پر اللہ کی پناہ میں آجاتا ہے؟

جواب صبح کی نماز یعنی فجر کی

سوال اس سوال پر کہ اللہ تعالیٰ کو کونسا عمل پسند ہے حضرت محمد ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب وقت پر نماز پڑھنا' ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنا اور اللہ کے راستہ میں جہاد کرنا۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے دین کا ستون کس کو فرمایا؟

جواب نماز کو

سوال حضرت محمد ﷺ نے مسجد میں داخل ہوتے وقت کونسی دعا پڑھنے کا حکم دیا؟

جواب **اَللّٰهُمَّ افۡتَحۡ لِیۡ اَبۡوَابَ رَحۡمَتِکَ** اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے مسجد سے نکلتے وقت کونسی دعا پڑھنے کا حکم دیا؟

جواب **اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ** یاالٰہی بے شک میں تجھ سے تیرا فضل مانگتا ہوں۔

سوال پانچ فرض نمازوں کی رکعتیں کتنی ہیں؟

جواب (۱) نماز فجر دو رکعت فرض (۲) نماز ظہر چار رکعت فرض (۳) نماز عصر چار رکعت فرض (۴) نماز مغرب تین رکعت فرض (۵) نماز عشاء چار رکعت فرض

سوال حضرت محمد ﷺ نے وضو شروع کرتے وقت کیا پڑھنے کے لئے ارشاد فرمایا؟

جواب بسم اللہ' جو بسم اللہ نہیں کہتا اس کا وضو نہیں ہوتا ہے۔

سوال وضو کے بعد وہ کونسی دعا ہے جس کے پڑھنے پر جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں کہ بندہ جس سے چاہے داخل ہو جائے؟

جواب وہ دعا ہے۔ **اَشۡهَدُ اَنۡ لاَ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحۡدَهٗ لاَ شَرِیۡکَ لَهٗ وَاَشۡهَدُ اَنَّ**

مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ خدا اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اللہ کے بندے اور رسولؐ ہیں

سوال — حضرت محمد ﷺ نے وضو کی کیا فضیلت بیان کی؟

جواب — حضرت محمد ﷺ نے فرمایا جس وقت بندہ مومن وضو شروع کرتا ہے تو پھر کُلی کرتا ہے تب اس کے منہ سے گناہ جھڑ جاتے ہیں۔ جس وقت ناک صاف کرتا ہے تب اس کے ناک کے گناہ نکل جاتے ہیں۔ جس وقت چہرہ دھوتا ہے تو چہرے کے گناہ نکل جاتے ہیں۔ جس وقت ہاتھ دھوتا ہے تو اس کے دونوں ہاتھوں کے گناہ نکل جاتے ہیں۔ جس وقت مسح کرتا ہے تو اس کے سر سے گناہ نکل جاتے ہیں۔ کانوں سے بھی گناہ نکل جاتے ہیں۔ جس وقت پاؤں دھوتا ہے تو اس کے دونوں پاؤں سے گناہ نکل جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ سب گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے۔

سوال — حضرت محمد ﷺ نے طہارت کے تعلق سے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب — حضرت محمد ﷺ نے فرمایا طہارت آدھا ایمان ہے۔

سوال — حضرت محمد ﷺ نے بچوں کے نماز کی تاکید کرنے کے لئے کس طرح والدین کو تعلیم دی؟

جواب — حضرت محمد ﷺ نے فرمایا اپنے بچوں کو نماز پڑھنے کا حکم دو جب وہ سات سال کے ہو جائیں اور جب وہ دس سال کے ہو جائیں تو انہیں نماز کے ترک کرنے پر مارو اور ان کے بستر الگ کر دو۔

سوال — حضرت محمد ﷺ نے ایمان اور کفر کے درمیان فرق کس کا چھوڑ دینا فرمایا؟

جواب — نماز کا چھوڑ دینا۔

سوال نماز کی فضیلت میں کوئی دو احادیث بیان کیجئے؟

جواب (۱) حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے صحابہؓ سے فرمایا بھلا بتاؤ اگر تمہارے دروازے کے باہر نہر ہو اور تم اس میں ہر روز پانچ بار نہاؤ' کیا تم پر میل باقی رہے گا؟ صحابہ نے کہا نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا یہی مثال پانچوں نمازوں کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے سبب گناہوں کو معاف کر دیتا ہے۔

(۲) حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے کہ حضرت محمد ﷺ نے ایک درخت کی دو شاخیں پکڑ کر ہلایا تو پتے جھڑنے لگے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے ابوذرؓ مسلمان جب نماز پڑھتا ہے اور اس کے ساتھ اللہ کی رضا چاہتا ہے تو اس کے گناہ اس طرح گرتے ہیں جس طرح اس درخت کے پتے جھڑتے ہیں۔

سوال حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا کہ اللہ تعالیٰ کو کونسا عمل زیادہ محبوب ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے کیا جواب دیا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا وقت پر نماز پڑھنا' حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے کہا اس کے بعد کونسا حضرت محمد ﷺ نے فرمایا ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرنا' حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے کہا پھر کونسا ارشاد فرمایا اللہ کی راہ میں جہاد کرنا۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے قیامت کے دن لوگوں کے اعمال میں سب سے پہلے کس عمل کا حساب ہوگا فرمایا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا سب سے پہلے نماز کا حساب ہوگا۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس دعا کے تعلق سے فرمایا کہ قیامت کے دن میری شفاعت واجب ہو جاتی ہے؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا جو شخص اذان کے بعد یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ

هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَاماً مَّحْمُوْدَنِ الَّذِىْ وَعَدْتَّهٗ اس پوری پکار (اذان) کے بعد (قیامت تک) قائم رہنے والی نماز کے رب محمد ﷺ کو وسیلہ اور بزرگی عطا فرما اور انہیں مقام محمود میں پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کس سورہ کے تعلق سے فرمایا کہ وہ نہ پڑھنے سے نماز نہیں ہوتی؟

جواب سورہ فاتحہ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس حالت میں بندہ خدا کے نزدیک ہوتا ہے ارشاد فرمایا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا بندہ سجدہ کی حالت میں اپنے رب سے نزدیک ہوتا ہے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے رکوع میں کیا پڑھنے کا حکم دیا؟

جواب سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِيْم میرا رب عظیم پاک ہے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے سجدہ میں کیا پڑھنے کا حکم دیا؟

جواب سُبْحَانَ رَبِّ الْاَعْلٰی میرا بلند پروردگار (ہر عیب سے) پاک ہے۔

سوال حضرت محمد ﷺ حالت نماز میں دونوں سجدوں کے درمیان میں کیا پڑھتے؟

جواب اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ وَارْحَمْنِىْ وَاهْدِنِىْ وَعَافِنِىْ وَارْزُقْنِىْ اے اللہ مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، مجھے ہدایت دے، مجھے عافیت سے رکھ اور مجھے روزی عطا کر۔ حضرت محمد ﷺ نے یہ بھی پڑھا رب اغفرلی رب اغفرلی اے رب مجھے معاف فرما، اے رب مجھے معاف فرما۔

سوال 27 درجے زیادہ ثواب کونسے عمل پر حاصل ہوتا ہے؟

جواب نماز باجماعت پڑھنے سے 27 درجے زیادہ ثواب ملتا ہے۔

سوال حضرت محمد ﷺ کس فرض کا اہتمام نہ کرنے پر اس کا شمار فرعون، ہامان اور ابی

بن خلف کے ساتھ ہوگا' فرمایا؟

جواب　جو شخص نماز کا اہتمام نہ کرے۔

سوال　حضرت محمد ﷺ نے ایک ارشاد میں کس عمل کے تعلق سے فرمایا کہ جو شخص جان بوجھ کر چھوڑ دے اس کا نام جہنم کے دروازے پر لکھ دیا جاتا ہے؟

جواب　جو شخص ایک فرض نماز کو جان بوجھ کر چھوڑ دیتا ہے تو اس کا نام جہنم کے دروازے پر لکھ دیا جاتا ہے۔

سوال　نماز کی اہمیت پر حضرت محمد ﷺ کیا ارشاد فرماتے ہیں؟

جواب　حضرت محمد ﷺ نے فرمایا سب سے پہلی چیز جس کے متعلق بندے سے قیامت کے روز باز پرس ہوگی وہ نماز ہے۔ اگر وہ درست ہوگی تو اس کے باقی تمام اعمال درست ہوں گے اور اگر وہ غلط ہوگی تو اس کے تمام اعمال غلط ہوں گے۔

سوال　حضرت محمد ﷺ نے نماز کی کنجی کیا فرمایا؟

جواب　پاکیزگی (وضو)

سوال　حضرت محمد ﷺ نے کس نماز کی دو سنتوں کے تعلق سے فرمایا کہ پوری دنیا سے زیادہ محبوب ہیں۔

جواب　فجر کی دو رکعت سنت کے جو موکدہ ہیں

سوال　حضرت محمد ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی نماز کے ذریعہ تمہاری مدد فرمائی ہے جو تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے' وہ کونسی نماز ہے؟

جواب　نمازِ وتر

☆☆☆☆☆☆☆

# روزہ

سوال کس ماہ کے روزے کس سن ہجری میں فرض ہوئے؟
جواب ماہ رمضان کے روزے سنہ 2 ہجری میں فرض ہوئے۔
سوال پہلی عید الفطر کب منائی گئی؟
جواب یکم شوال سنہ 2 ہجری میں
سوال پہلی عید الفطر کا خطبہ اور امامت کس نے کی؟
جواب حضرت محمد ﷺ نے
سوال ماہ رمضان میں حضرت محمد ﷺ کتنے دن اعتکاف میں بیٹھے؟
جواب بیس (20) دن۔
سوال حضرت محمد ﷺ کس ماہ کے تعلق سے فرمایا کہ رحمت کے دروازے کھل جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند ہو جاتے ہیں اور شیطان زنجیروں میں باندھے جاتے ہیں؟
جواب ماہ رمضان
سوال حضرت محمد ﷺ نے کس وقت کے کھانے میں برکت ہے، فرمایا؟
جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا سحری کھاؤ، سحری میں برکت ہے۔
سوال سال میں کن دو دن کے روزہ رکھنا حرام ہے؟
جواب عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن
سوال حضرت محمد ﷺ نے کس فرض کو ڈھال فرمایا؟
جواب روزہ کو
سوال حضرت محمد ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے روزہ دار کو دو خوشیاں عطا کی ہیں وہ کونسی ہیں؟
جواب ایک افطار کے وقت دوسری ملاقات پروردگار کے وقت
سوال روزہ دار جنت میں کس دروازے سے جائیں گے، حضرت محمد ﷺ نے کیا فرمایا؟
جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا جنت میں ایک دروازہ ہے جسے ریان کہتے ہیں، اس میں سے روزہ دار جائیں گے۔

# زکواۃ

سوال　ادائی زکواۃ سے کیا جذبہ اُبھرتا ہے؟

جواب　زکواۃ کی ادائی سے ایثار وقربانی کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ متاعِ دنیا کی محبت دبتی ہے اور رضائے الٰہی کی طلب اُبھرتی ہے۔

سوال　زکواۃ کب فرض ہوئی؟

جواب　زکواۃ مسلمانوں پر سنہ 2 ہجری میں فرض ہوئی۔ بعض سنہ 9 ہجری بتائے ہیں۔

سوال　کس کی ادائیگی کا منکر مرتد اور اس کا قتل کر دینا جائز ہے؟

جواب　زکواۃ ادا نہ کرنے والا۔

سوال　حضرت محمد ﷺ نے ان کے تعلق سے کیا فرمایا جو مال کی زکواۃ ادا نہیں کرتے؟

جواب　حضرت محمد ﷺ نے فرمایا قیامت کے روز ان کا مال ایک ایسے گنجے اژدھے کی صورت میں اس کے سامنے آئے گا جس کی آنکھوں کے اوپر دو سیاہ خوفناک دھبّے ہوں گے۔ پھر وہ اسے اپنے دونوں جبڑوں سے پکڑے گا اور اس سے کہے گا میں ہی تیرا خزانہ ہوں، تیرا مال ہوں۔

# حج

سوال　حج کس سنہ ہجری میں فرض ہوا؟

جواب　سنہ 9 ہجری میں

سوال　حضرت محمد ﷺ حج فرض ہونے کے بعد کس کو امیر حج بنا کر مدینہ سے روانہ

کیا؟

جواب حضرت ابوبکر صدیقؓ

سوال حج فرض ہونے کے بعد حضرت محمد ﷺ نے کس سن ہجری میں حج ادا کیا؟

جواب سنہ 10 ہجری میں

سوال حضرت محمد ﷺ سے صحابہ نے پوچھا کہ حج کیا ہے؟ آپ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ حج تو عرفات میں ٹھہرنے کا نام ہے۔ جو بھی حاجی 9/ذی الحجہ کو عرفات پہنچ جائے تو اس کا حج ہو گیا۔

سوال عرفات میں حضرت محمد ﷺ ایک پہاڑ کے دامن میں کھڑے ہو کر دعا کئے۔ اس کا نام کیا ہے؟

جواب جبل رحمت

سوال حضرت محمد ﷺ نے اپنی حیات میں کتنی بار فریضۂ حج ادا کیا؟

جواب ایک بار سنہ 10 ہجری میں

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس مقام پر احرام حج کے لئے باندھا تھا؟

جواب ذوالحلیفہ

سوال حضرت محمد ﷺ کے آخری حج کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب حجۃ الوداع

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس مقام کے سات چکر لگائے اور کس مقام کے پیچھے دو رکعت نماز پڑھی؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے کعبۃ اللہ کے سات چکر لگائے اور مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعت نماز پڑھی۔

سوال　　حضرت محمد ﷺ کس مقام پر مغرب اور عشاء کی نماز ملا کر پڑھی؟

جواب　　مزدلفہ میں

سوال　　حضرت محمد ﷺ رمی جمار کے لئے کنکریاں کس مقام سے چنیں؟

جواب　　مزدلفہ سے

سوال　　حضرت محمد ﷺ نے حج کے فضائل کو کس طرح بیان فرمایا؟

جواب　　حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ جس مسلمان نے حج کیا وہ اپنے گناہوں سے ایسا پاک ہوجاتا ہے گویا کہ وہ آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے۔

سوال　　کس چیز کو دیکھنا عبادت ہے؟

جواب　　کعبہ شریف کو دیکھنا بھی عبادت ہے۔

سوال　　رکن یمانی خانہ کعبہ کی کونسی سمت میں ہے؟

جواب　　جنوب مغربی کونہ رکنِ یمانی ہے۔

سوال　　حضرت محمد ﷺ خانہ کعبہ کے کن دو کونوں کا استلام کرتے تھے؟

جواب　　رکنِ یمانی اور رکن اسود کا استلام کرتے تھے۔

سوال　　حضرت محمد ﷺ نے کس کو چھونے پر گناہوں کے جھڑ جانا فرمایا؟

جواب　　حجر اسود اور رکنِ یمانی کو

سوال　　اُم المومنین عائشہ صدیقہؓ نے حضرت محمد ﷺ سے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ میں کعبہ کے اندر داخل ہونا چاہتی ہوں تو آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب　　حضرت محمد ﷺ نے فرمایا جب بھی تمہارا دل کعبہ میں داخل ہونے کا ہوتو حطیم میں داخل ہوجایا کرو کیونکہ یہ بیت اللہ کا ہی حصہ ہے۔

سوال　　حضرت محمد ﷺ نے کس کے نیچے جو دعا کی جاتی ہے وہ قبول ہوکر رہتی ہے' کا

ذکر کیا ہے؟

جواب میزابِ رحمت

سوال میزابِ رحمت کیا ہے؟

جواب یہ بیت اللہ کے پرنالہ کا نام ہے اس کے ذریعہ کعبہ کی مبارک چھت کا پانی حطیم میں گرتا ہے۔

سوال سب سے پہلے مسجد کونسی بنائی گئی اس سوال پر حضرت محمد ﷺ نے کیا جواب دیا؟

جواب مسجد حرام۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے فرمایا کہ بابرکت' غذا اور بیماری کے لئے شفاء ہے؟

جواب آبِ زمزم کے لئے

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے فرمایا کہ جنتی یاقوتی پتھر ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کی روشنی بجھا دی ورنہ مشرق و مغرب کو یہ روشن کر دیتے؟

جواب حجرِ اسود اور مقامِ ابراہیم

سوال حضرت محمد ﷺ نے مسجد نبوی کے ایک حصہ کو جنت کا ٹکرا ہے فرمایا' تاریخ میں اس حصہ کو کیا کہتے ہیں؟

جواب ریاض الجنہ

سوال قربانی کا حکم کب ہوا؟

جواب ذی الحجہ سنہ 2 ہجری میں

سوال قربانی کس پیغمبر کی سنت ہے؟

جواب حضرت ابراہیم علیہ السلام کی۔

سوال	حضرت محمد ﷺ نے حاجی کے کس لفظ کے تعلق سے فرمایا کہ اس کے ساتھ اس کے دائیں بائیں جو پتھر، درخت وغیرہ ہوتے ہیں وہ بھی حاجی کے لفظ کو دہراتے ہیں؟

جواب	لبیک

سوال	حضرت محمد ﷺ نے کس میں خرچ کرنا، جہاد میں خرچ کرنے کی طرح ہے، ایک کا بدلہ سات سو (حصے) ہے، فرمایا؟

جواب	حج میں خرچ کرنا۔

سوال	حضرت محمد ﷺ نے بیت اللہ کی عظمت کس طرح بیان کی؟

جواب	حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا یہ گھر اسلام کا ستون ہے۔

سوال	حضرت محمد ﷺ نے حجر اسود اور رکن یمانی کے تعلق سے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب	حضرت محمد ﷺ نے فرمایا۔ حجرِ اسود اور رکنِ یمانی کو چھونا گناہوں کو جھاڑ دیتا ہے۔

سوال	مقام ملتزم کیا ہے؟

جواب	حجرِ اسود اور بیت اللہ کے دروازہ کی درمیانی جگہ کو ملتزم کہا جاتا ہے۔

سوال	حضرت محمد ﷺ نے کس مقام پر چمٹ کر دعا کی اور اس کی کیا فضیلت بیان کی؟

جواب	حضرت محمد ﷺ نے مقام ملتزم پر چمٹ کر دعا فرمائی اور فرمایا یہ وہ مقام ہے جہاں دعا قبول کی جاتی ہے۔

سوال	حضرت محمد ﷺ حج کو جاتے وقت کس کو مدینہ منورہ میں نگران مقرر کیا؟

جواب	حضرت ابودجانہ انصاریؓ بعض کہتے ہیں سباع بن عرفطؓ

سوال	حجۃ الوداع کے موقعہ پر حضرت محمد ﷺ کے ساتھ کتنی اُمہات المومنین تھیں؟

جواب تمام اُمہات المومنین جو بہ حیات تھیں۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے اپنا تاریخ ساز خطبہ جو حجۃ الوداع سے موسوم ہے کس تاریخ کو دیا؟

جواب 9/ذی الحجہ سنہ 10 ہجری کو

سوال تاریخ ساز خطبہ کس مقام پر حضرت محمد ﷺ نے دیا؟

جواب مقام عرفات میں

سوال حضرت محمد ﷺ خطبہ کے وقت کس اونٹنی پر سوار تھے؟

جواب قصویٰ پر

سوال خطبہ حجۃ الوداع کو مختصر لفظوں میں بیان کیجئے؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے خدا کی حمد وثناء کے بعد فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ہم نے تم سب کو ایک ہی مرد اور عورت سے پیدا کیا۔ پہچان کے لئے ہم نے جماعتوں اور قبیلوں میں بانٹ دیا' خدا کی نظروں میں عزت والا وہی ہے جو خدا سے زیادہ ڈرے' کسی عربی کو عجمی پر' نہ کسی عجمی کو عربی پر فوقیت ہے' نہ کالا گورے سے نہ گورا کالے سے افضل ہے۔ فضیلت تو تقویٰ پر ہے۔ لوگو تمہارے خون ومال اور عزیتیں ایک دوسرے پر قطعاً حرام ہیں ۔ تم سب خدا کے آگے جاؤ گے اور وہ تم سے تمہارے اعمال کی باز پرس فرمائے گا۔ میرے بعد گمراہ نہ ہونا ۔ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ غلاموں کا خیال رکھو۔ تمہارے اوپر تمہاری عورتوں کے کچھ حقوق ہیں ان حقوق کو ادا کرو۔ عورتوں سے بہتر سلوک کرو۔ میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں اگر اس پر قائم رہے تو گمراہ نہ ہوگے' وہ خدا کی کتاب اور میری عترت ہے۔

سوال خطبہ کے وقت عرفات میں حاجیوں کی کتنی تعداد تھی؟

جواب تقریباً ایک لاکھ

سوال خطبہ الوداع کے وقت کونسا دن تھا؟

جواب جمعہ مبارک

سوال حضرت محمدﷺ نے 9/ذی الحجہ اور 10 ذی الحجہ کی درمیانی رات کہاں بسر کی؟

جواب مزدلفہ میں

سوال حضرت محمد ﷺ حجۃ الوداع کے موقعہ پر کس تاریخ کو قربانی دی؟

جواب 10/ذی الحجہ سنہ 10 ہجری بروز ہفتہ

سوال حضرت محمد ﷺ 10 تا 12 ذی الحجہ کو کہاں قیام فرمایا؟

جواب منیٰ میں

سوال حجۃ الوداع کے موقعہ پر کس صحابی کو حضرت محمد ﷺ کی حجامت کا شرف حاصل ہوا؟

جواب حضرت معمر بن عبداللہ العدویؓ

سوال حضرت محمدﷺ نے کس صحابی کو حج کے دوران سورہ برات کا اعلان کرنے کیلئے روانہ کیا

جواب حضرت سیدنا علیؓ

سوال حضرت محمدﷺ حجہ الوداع کے بعد اہل بیت کی شان و منزلت میں جو خطبہ دیا اسکا نام کیا ہے

جواب خطبہٗ غدیر

☆☆☆☆☆☆☆

# مہدی موعودؑ حضرت محمد ﷺ کی نظروں میں

سوال حدیث کس کو کہتے ہیں؟

جواب حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے احکامات اور ارشادات کو حدیث کہتے ہیں۔

سوال قرآن کے کس سورہ میں ذکر ہوا کہ ''محمد اپنی طرف سے نہیں بولتے وہی بولتے ہیں جو ان کو وحی کی جاتی ہے۔؟

جواب سورہ نجم میں ارشاد ہوا ہے **وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰیo اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی (3-4)**

سوال حضرت محمد ﷺ نے ''ظہور مہدیؑ'' کی خبر کس طرح دی؟

جواب افضل المرسلین خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے مسلمانوں کو خبر دی کہ آپ ﷺ کے بعد اللہ تعالیٰ اپنے خلیفہ کو ہدایت یافتہ بنا کر روانہ کرے گا جو دین محمد ﷺ کی نصرت کرے گا اور اسلام کی حقیقی روح کو مسلمانوں میں بیدار کرے گا۔ آنحضرت ﷺ نے اللہ کے اس خلیفہ کو ''مہدی'' کے لفظ سے یاد کیا اور بڑی تاکید سے اس مامور من اللہ کے ظہور کا وعدہ فرمایا جس کی بنیاد پر اس ربانی امام کو ''مہدی موعودؑ'' سے موسوم کیا گیا یعنی وہ خدائی ہدایت یافتہ جس کے آنے کا وعدہ حضرت خاتم الرسالت ﷺ نے فرمایا تھا۔

سوال توریت میں حضرت محمد ﷺ کی بعثت کی خبر کس طرح دی گئی تھی؟

جواب خدا تعالیٰ طور سینا سے آیا' سعیر سے چمکا اور فاران کی پہاڑیوں سے نکلا' طور سینا سے خدا کے آنے سے مراد موسیٰ علیہ السلام کی بعثت' سعیر سے خدا کے چمکنے

سے مرادعیسیٰ علیہ السلام کی نبوت اور فاران سے خدائے تعالیٰ کی آمد سے حضرت محمد ﷺ کا مبعوث ہونا مراد ہے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے فرمایا کہ وہ مجھ سے ہوں گے میرے نقش قدم پر چلیں گے اور خطا نہ کریں گے؟

جواب حضرت مہدی موعود علیہ السلام

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے ارشاد فرمایا کہ وہ میری عترت اولاد فاطمہ سے ہے؟

جواب مہدی موعود علیہ السلام

سوال حضرت علیؓ کے سوال پر کہ وہ (مہدی) ہم میں سے ہوں گے یا ہمارے غیر سے ہوں گے تب حضرت محمد ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا مہدی ہم میں سے ہی ہوں گے یہ دین کو اختتام تک پہنچائیں گے جیسا کہ (وہ) ہم سے شروع ہوا ہے۔

سوال وہ کونسی حدیث ہے جس میں اُمت محمدیہ کے تین ادوار کا ذکر کیا گیا ہے۔؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا وہ اُمت کیسے ہلاک ہوگی جس کے اول میں ہوں اور مہدی اس کے وسط (درمیان اُمت) میں ہوں گے اور عیسیٰ اس اُمت کے آخر میں ہوں گے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا وہ اُمت کیسے ہلاک ہوگی جس کے اول میں ہوں اور مہدی اس کے وسط (درمیان اُمت) میں ہوں گے اور عیسیٰ اس اُمت کے آخر میں ہوں گے۔اس حدیث کا بیان کہاں پر ہے

جواب حضرت محمد ﷺ نے ارشاد فرمایا وہ اُمت کیسے ہلاک ہوگی جس کے اول میں ہوں اور مہدی اس کے وسط (درمیان اُمت) میں ہوں گے اور عیسیٰ اس

اُمت کے آخر میں ہوں گے۔مشکواۃ شریف میں

سوال حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ مہدی اولادِ فاطمہ سے ہیں اس کے راوی کون ہیں؟

جواب ابن ماجہؒ

سوال اس حدیث کے کون راوی ہیں "مہدی میری اولاد سے ہیں پیشانی روشن اور بنی بلند ہوگی، زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسا کہ ظلم وجور سے بھری ہوگی؟

جواب اس حدیث کے راوی حضرت ابوسعید خدریؓ ہیں اور ابوداؤد نے اپنی سنن میں ذکر کیا ہے۔

سوال اس حدیث کے کون راوی ہیں "دنیا اس وقت تک ختم نہ ہوگی جب تک میری اہل بیت سے اللہ تعالیٰ ایک شخص کو مبعوث نہ کرے گا۔جس کا نام میرے نام کے اور اس کے باپ کا نام میرے باپ کے نام جیسا ہوگا؟

جواب حضرت عبداللہ بن مسعودؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ وہ اُمت ہرگز ہلاک نہ ہوگی جس کے اول میں، میں ہوں اور عیسیٰ بن مریمؑ اس کے آخر میں ہیں، اور مہدی درمیان مدت میں ہے، اس کے راوی کون ہیں؟

جواب حضرت عبداللہ بن عباسؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس رنگ کے جھنڈوں کے تعلق سے فرمایا کہ وہ خراسان کی طرف سے نمودار ہوں گے تو تم آؤ اس میں سے۔بے شک اس میں اللہ کا خلیفہ مہدی ہے۔

جواب کالے جھنڈے

سوال محدثین کس حدیث بعثت مہدی موعودؑ کو سونے کی زنجیر کہتے ہیں؟

جواب صاحب مرقاۃ، شارح مشکواۃ کی حدیث ''وہ اُمت کیسے ہلاک ہوسکتی ہے جس کے اول میں، میں ہوں۔ اور اس اُمت کے درمیان مہدی ہوں اور آخری اُمت میں مسیح (حضرت عیسیٰ) ہوں۔ لیکن ان دونوں کے درمیان ٹیڑھا گروہ ہوگا نہ وہ مجھ سے ہے نہ میں اُن سے ہوں۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے مہدی موعودؑ کے تعلق سے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب من آمن به فقد آمن بی (جو شخص (مہدی پر) ایمان لایا وہ مجھ پر ایمان لایا

سوال کس نے ارشاد فرمایا مہدی مجھ سے ہے میرے نقش قدم پر چلے گا اور ہرگز خطا نہ کرے گا۔

جواب حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے

سوال اُس حدیث کے راوی کون ہیں جس میں حضرت مہدیؑ کو خاتم دین قرار دیا گیا؟

جواب حضرت سیدنا علیؓ

سوال مہدی سے رکن یمانی اور مقام ابراہیم کے درمیان بیعت کی جائے گی۔ اس حدیث کے راوی کون ہیں اور کس نے اس کا ذکر کیا؟

جواب اس حدیث کے راوی حضرت ابوہریرہؓ ہیں اس کو نعیم بن حماد نے کتاب ''الفتن'' میں ذکر کیا ہے۔

سوال اس حدیث کے راوی کون ہیں ''مہدی'' حسینؓ کی اولاد سے ہیں، مشرق کی طرف سے خروج کریں گے اور اگر پہاڑ بھی آپ کے سامنے ہوں گے تو آپ ان کو کاٹ کر راستہ نکالیں گے؟

جواب حضرت عبداللہ بن عمرؓ

سوال اس حدیث کے راوی کون ہیں ''خلافت پر تین خلیفے جنگ کریں گے وہ کسی ایک کو بھی نہ ملے گی۔ پھر کالے جھنڈے مشرق کی طرف سے نکلیں گے اس

کے بعد خلیفۃ اللہ مہدی کا ظہور ہوگا پس جب تم مہدی کی خبر سنو تو اس کے حضور میں حاضر ہو کر ان سے بیعت کرو گو تم کو برف پر سے گزرنا پڑے کیونکہ وہ اللہ کا خلیفہ مہدی ہے۔

جواب حضرت ثوبانؓ

سوال کس حدیث سے حضرت مہدیؑ کا معصوم عن الخطا ہونا ثابت ہوتا ہے؟

جواب اَلْمَهْدِی مِنِّیْ یَقْفُوا اَثْرِی وَلاَ یُخْطِیُٔ اور مہدی مجھ سے ہے میرے نقش قدم پر چلے گا اور ہرگز خطا نہ کرے گا۔

سوال حضرت محمد ﷺ اپنے بعد کن دو ہستیوں کے آنے کی خبر دی؟

جواب خلیفۃ اللہ حضرت مہدی موعودؑ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سوال بعثت حضرت مہدی موعودؑ کے تعلق سے کوئی تین احادیث بیان کیجئے؟

جواب (۱) وہ اُمت کیسے ہلاک ہوگی جس کے اول میں ہوں' درمیان میں مہدی ہیں اور اس کے آخر میں عیسیٰ بن مریمؑ ہیں۔

(۲) پس جب تم اس کے بارے میں سنو تو اس سے بیعت کرو اگر چہ تم کو برف پر سے رینگ کر جانا پڑے۔ اس لئے کہ وہ اللہ کا خلیفہ مہدی ہے۔

(۳) ام سلمہؓ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے آپ فرماتے تھے کہ مہدی میری عترت سے اولاد فاطمہؓ سے ہوگا۔

(۴) حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مہدی ہم اہل بیت میں سے ہیں اللہ تعالیٰ ان میں ایک رات میں صلاحیت پیدا کر دے گا۔

(۵) حضرت عبداللہ بن حارث بن جز الزبیدی سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مشرق سے لوگ نکلیں گے اور مہدی کی تائید کریں گے یعنی اس کے غلبہ کی۔

(۶) حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ مہدی سے رکن یمانی اور مقام ابراہیمؑ کے درمیان بیعت کی جائے گی وہ نہ سونے والوں کو جگائیں گے اور نہ بیٹھے ہوئے کو اٹھائیں گے۔

(۷) حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا ہمیں ڈر تھا اس بات کا کہ ہمارے نبی ﷺ کے بعد کوئی حدث ہو پس ہم نے حضور ﷺ سے پوچھا آپ نے فرمایا کہ مہدی کا میری امت میں ظہور ہوگا اور مہدی پانچ یا سات یا نو سال زندہ رہیں گے (شک کرنے والا زید ہے) کہا کہ ہم نے عرض کیا وہ اصل مدت کیا ہے؟ فرمایا سات سال۔

(۸) حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا مہدیؑ کے زمانے میں میری اُمت کو ایسی نعمت دی جائے گی کہ کبھی ایسی نعمت نہ ملی ہوگی۔ آسمان خوب بارش برسائے گا اور زمین اپنی روئیدگی میں سے کچھ باقی نہ رکھے گی۔

## متفرق

سوال حضرت محمد ﷺ کے چچا جو مسلمان ہوئے ان کے نام کیا ہیں؟

جواب حضرت حمزہؓ اور حضرت عباسؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کی پیدائش پر کس نے اپنی کنیز کو آزاد کیا؟

جواب ابولہب

سوال شاعر رسول کس صحابی کا لقب ہے؟

جواب حضرت حسان بن ثابتؓ

سوال حضرت اُم ہانی کا حضرت محمد ﷺ سے کیا رشتہ تھا؟

جواب حضرت محمد ﷺ کی چچازاد بہن تھیں۔

سوال مدینہ میں منافقوں کا سردار کون تھا؟

جواب عبداللہ بن اُبی

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس صحابی کو سیدالانصار کہا؟

جواب حضرت سعد بن معاذ انصاریؓ کو

سوال حضرت محمد ﷺ کی بارگاہ کے شاعروں کے نام کیا ہیں؟

جواب حضرت حسان بن ثابتؓ حضرت کعب بن مالکؓ اور حضرت عبداللہ بن رواحہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کے مشہور اونٹ کا کیا نام تھا؟

جواب قصویٰ

سوال حضرت محمد ﷺ کے پیالے کا کیا نام تھا؟

جواب ریان

سوال حضرت محمد ﷺ کس دن سفر کرنا پسند کرتے تھے؟

جواب جمعرات کے دن

سوال مسجد نبوی کے صحن میں ایک چبوترہ ہے یہاں پر رہنے والوں کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

جواب اصحابِ صفّہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

سوال مدینہ میں مسلمانوں کو کن تین دشمنوں سے مقابلہ تھا؟

جواب ایک مدینہ کے کافر دوسرے منافق تیسرے یہودی

سوال حضرت محمد ﷺ کے خطوط پر مہر کرنے کے لئے جو انگوٹھی تیار کی تھی اس پر کیا عبارت کندہ تھی؟

جواب اللہ۔ رسول۔ محمد۔ عبارت کندہ تھی۔ (محمد رسول اللہ)

سوال کس ہاتھ میں آپ ﷺ انگوٹھی پہنتے تھے؟

جواب دائیں ہاتھ میں

سوال حضرت محمد ﷺ کی انگوٹھی کس دھات کی تھی؟

جواب چاندی کی

سوال یہودیوں کا کونسا قبیلہ تھا جو حضرت محمد ﷺ پر اوپر سے پتھر گرا کر مارنے کا

ارادہ کیا تھا؟

جواب قبیلہ بنی نضیر کے افراد

سوال حضرت محمد ﷺ نے اسلام کی دعوت بذریعہ خطوط کن ممالک کے بادشاہوں کو دی؟

جواب حبشہ، ایران، روم اور مصر وغیرہ

سوال کس ملک کے بادشاہ نے حضرت محمد ﷺ کے خط کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا؟

جواب ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کسریٰ

سوال کس ملک کے بادشاہ نے خطوط آنے پر اسلام کو قبول کیا؟

جواب حبشہ کے بادشاہ نے اسلام کو قبول کیا۔

سوال حضرت محمد ﷺ سے جبرئیلؑ کس ماہ کی ہر رات ملاقات فرماتے تھے؟

جواب ماہ رمضان المبارک میں

سوال اسلام پھیلتا گیا تو اسلامی مملکت کا مرکز کونسا شہر بنا؟

جواب مدینہ شریف

سوال حرمین شریفین کس کو کہتے ہیں؟

جواب کعبۃ اللہ اور مسجد نبوی کا مجموعی نام حرمین شریفین ہے۔

سوال خاتم النبیین ﷺ کس کو قرار دیا گیا؟

جواب اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو خاتم النبیین ﷺ قرار دیا۔

سوال کس صحابی نے کہا تھا حضور ﷺ چاند سے کہیں زیادہ حسین و جمیل اور منور ہیں؟

جواب حضرت جابرؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کو کس رنگ کا لباس پسند تھا؟

جواب سفید لباس پسند تھا۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس درخت کو بابرکت کہا؟

جواب زیتون کے درخت کو

سوال حضرت محمد ﷺ نے آنکھوں کی ٹھنڈک کس عمل کو قرار دیا؟

جواب نماز کو

سوال پہلی مسجد کونسی ہے جس کی بنیاد حضرت محمد ﷺ نے رکھی؟

جواب مسجد قباء

سوال حضرت محمد ﷺ کا سب سے پہلا خطاب کونسے پہاڑ پر ہوا؟

جواب کوہ صفا پر

سوال جبل نور کا قدیم نام کیا ہے؟

جواب جبل نور کا قدیم نام جبل حرا ہے اس کے اندر وہ غار ہے جس میں حضرت محمد ﷺ پر پہلی بار وحی نازل ہوئی تھی۔

سوال جبلِ رحمت کہاں ہے؟

جواب عرفات کے میدان میں ایک پہاڑی ہے اس کا نام جبلِ رحمت ہے۔

سوال کوہ صفا کہاں ہے؟

جواب بیت اللہ کے سامنے جہاں حجاج کرام سعی کرتے ہیں وہ کوہِ صفا ہے اس پہاڑی پر بی بی ہاجرہؓ اپنے لختِ جگر کے لئے پانی کی تلاش میں بار بار دوڑ رہی تھیں۔

سوال حضرت عائشہؓ کے دریافت کرنے پر آپ پر اُحد کے دن سے بھی سخت کوئی دن گزرا ہے۔آپ ﷺ نے کیا جواب دیا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا سب سے بڑھ کر سخت دن وہ تھا جب میں نے طائف میں عبد یالیل کے سامنے دعوت اسلام رکھی اور اس نے رد کر دیا۔

سوال حضرت محمد ﷺ کے کس فرزند کے انتقال کے وقت سورج گہن ہوا تھا؟

جواب حضرت ابراہیمؓ

سوال حضرت بی بی فاطمہؓ اور حضرت علیؓ نے خادم مانگیں تو حضرت محمد ﷺ نے کیا جواب دیا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے فرمایا تقویٰ اختیار کرو۔ جب بستر پر لیٹو تب 33 بار سُبْحَانَ اللّٰہ 33 بار اَلْحَمْدُلِلّٰہ اور 34 بار اَللّٰہُ اَکْبَر پڑھو۔ یہ عمل تمہارے لئے خادم سے بہتر ہے۔

سوال کس نے کہا تھا محمد میں تجھے جھوٹا نہیں سمجھتا مگر تیری تعلیم کو میں قبول نہیں کرتا؟

جواب ابوجہل

سوال کس نے کہا تھا ''میں نے تو کسی کو بھی نہ دیکھا جو کسی سے ایسی محبت کرتے ہیں جیسے اصحاب محمد ﷺ کو محمد سے ہے۔

جواب ابوسفیان۔

سوال صلح حدیبیہ پر کس نے کہا تھا ''نبی کریم ﷺ سے پیشتر میں طواف نہیں کروں گا۔؟

جواب حضرت عثمانؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے شہر کا پسندیدہ حصہ اور نا گوار ترین حصہ کس کو کہا؟

جواب حضرت محمد ﷺ نے شہروں کا پسندیدہ حصہ وہاں کے مساجد اور نا گوار ترین حصہ وہاں کے بازار کو کہا۔

سوال کونسی ہجری میں تحویل قبلہ کا حکم آیا۔ آپ اس وقت کونسی نماز ادا کر رہے تھے؟

جواب سنہ 2 ہجری میں تحویل قبلہ کا حکم آیا۔ آپ ﷺ اُس وقت نماز ظہر کی دو رکعت ادا کر چکے تھے' تیسری رکعت میں وحی آئی۔ آپ نے بیت المقدس سے خانہ کعبہ کی طرف رخ کر کے باقی نماز ادا کی۔

سوال حضرت محمد ﷺ کے لئے اولین شاہی ہدیہ کس بادشاہ نے روانہ کیا؟

جواب بادشاہ نجاشی نے

سوال قیصر روم ہرقل کے سامنے کس نے حضرت محمد ﷺ کے احوال پیش کئے؟

جواب ابوسفیانؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کے وہ کون صحابی ہیں جو بلی پالتے تھے؟

جواب حضرت ابو ہریرہؓ

سوال وہ کون صحابی ہیں جو حضرت محمد ﷺ کے پاس اسلام قبول کرنے کے لئے آتے ہیں تو جسم صرف دو کپڑوں سے ڈھکا ہوا تھا۔اس کے بعد ان کا لقب ذو الجبادین ہوتا ہے؟

جواب عبداللہ ذو الجبادین

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس سے کہا کہ میرے سامنے نہ آیا کرو؟

جواب وحشی سے جس نے آپ کے چچا امیر حمزہ کو شہید کر دیا تھا۔

سوال سب سے پہلا کذاب جس نے حضرت محمد ﷺ کے مقابل جھوٹی نبوت کا اعلان کیا تھا؟

جواب مسلیمہ کذاب

سوال کونسی شب کو شبِ معراج کہتے ہیں؟

جواب 27 ویں رجب المرجب کی شب کو

سوال کونسی شب کو شب براءت کہتے ہیں؟

جواب 15 ویں شعبان المعظم کی شب کو

سوال کونسی شب کو شب قدر کہتے ہیں؟

جواب 27 ویں رمضان المبارک کی شب کو

سوال عیدالفطر کونسی ماہ و تاریخ کو منائی جاتی ہے؟

جواب یکم شوال المکرّم

سوال عیدالاضحیٰ کس تاریخ و ماہ کو منائی جاتی ہے؟

جواب 10ر ذی الحجہ کو

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس ماہ کو اپنے سے منسوب کیا؟

جواب شعبان المعظم کو

سوال کس نے کہا تھا کہ میں رسول اللہ کی خدمت میں دس سال گزارے لیکن کبھی بھی یہ نہیں کہا کہ یہ کیوں کیا' یہ کیوں نہ کیا؟

جواب حضرت انسؓ

سوال کعبۃ اللہ میں سب سے پہلے اذان کس نے دی؟

جواب فتح مکہ کے دن حضرت محمد ﷺ کے حکم سے حضرت بلالؓ نے سب سے پہلے اذان دی

سوال قبرستان جنت البقیع کس شہر میں ہے؟

جواب مدینہ منورہ میں

سوال حضرت محمد ﷺ کا اسم گرامی سن کر کیا کرنا چاہیئے؟

جواب حضرت محمد ﷺ پر درود شریف پڑھنا چاہیئے۔

سوال ریاض الجنہ کس مسجد میں ہے؟

جواب مسجد نبوی میں

سوال حضرت محمد ﷺ کن مسجدوں کے تعلق سے فرمایا کہ یہاں نماز پڑھنے پر گناہ بخش دیئے جاتے ہیں؟

جواب مسجد حرام' مسجد نبوی' مسجد اقصیٰ اور مسجد قباء

سوال حضرت محمد ﷺ کس لباس کے پابند تھے؟

جواب حضرت محمد ﷺ کسی لباس کے پابند نہیں تھے جو بھی مل جاتا اس پر قناعت کرتے۔

سوال مَردوں کو کونسا رنگ منع ہے؟

جواب زعفرانی رنگ منع ہے۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس محلّہ کی باؤلی میں تیرنا سیکھا؟

جواب بنو نجار کی باؤلی میں

سوال کس نے کہا تھا مجھے تو یہ بھی گوارا نہیں کہ محمد ﷺ کے پیر میں کانٹا چبھے اور میں اپنے گھر میں بیٹھا رہوں

جواب حضرت زید بن دشنہؓ اور حضرت خبیبؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے اپنی چادر بچھا کر فرمایا۔ امّی جان یہاں بیٹھئے۔ وہ کون تھیں؟

جواب بی بی حلیمہ سعدیہؓ

سوال حضرت محمد ﷺ کو کس بادشاہ نے موزے تحفے میں دیئے تھے؟

جواب نجاشی بادشاہ نے

سوال حضرت عثمانؓ نے مسلمانوں کے لئے جو کنواں خرید کر وقف کیا اس کا نام کیا تھا

جواب بئیر رومہ

سوال حضرت محمد ﷺ کے دست مبارک سے دفن ہونے کا شرف کس کو حاصل ہوا؟

جواب حضرت عبداللہ ذوالجبادینؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس بادشاہ کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھی؟

جواب بادشاہ نجاشی

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کالے دانے کے تعلق سے فرمایا ہر مرض کی دوا ہے؟

جواب کلونجی

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس پرندہ کے تعلق سے فرمایا کہ وہ منحوس نہیں ہے؟

جواب اُلّو۔

سوال غزوہ تبوک سے واپسی کے بعد حضرت محمد ﷺ کس مسجد کو منہدم کرنے کا حکم دیا؟

جواب مسجد ضرار

سوال کس وجہ سے منہدم کرنے کا حکم دیا گیا؟

جواب یہ مسجد منافقین نے بنائی تھیں یہاں طائف کے تمام منافقین مل کر مشورہ کیا کرتے تھے۔

سوال حضرت محمد ﷺ سے کس نے کہا تھا کہ اگر آپ مجھ کو اپنی خلافت عطا فرمائیں اور اپنے بعد مجھ کو اپنا قائم مقام مقرر کرلیں تو میں بیعت کرنے کے لئے تیار ہوں؟

جواب مسلیمہ کذاب

سوال جبرئیل علیہ السلام کے پوچھنے پر حضرت محمد ﷺ نے احسان کی تعریف کیا بیان کی؟

جواب آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اللہ کی عبادت اس طرح کرو جیسا تم اللہ کو دیکھ رہے ہو اور ایسا نہیں ہو رہا ہے تو سمجھو کہ وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔

سوال اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو پانچ فضیلتیں عطا فرمائی جو آپ ﷺ سے پہلے انبیاء میں کسی کو عطا نہیں کی وہ فضیلتیں کیا ہیں؟

جواب پانچ فضیلتیں ہیں۔

(۱) اللہ نے فتح اور اپنی مدد سے ایک مہینے کی مسافت تک عطا فرمایا۔

(۲) جنگ کی غنیمتیں حلال کر دی گئیں۔

(۳) دنیا کی پوری زمین کو مسجد اور پاک بنا دیا۔

(۴) شفاعت کا منصب عطا فرمایا۔

(۵) تمام خلائق کے لئے رسول بنا کر مبعوث کیا گیا۔

سوال کس مقام کے نصاریٰ مباہلہ کے لئے آئے تھے؟

جواب نجران کے

سوال حضرت محمد ﷺ مباہلہ کے لئے اپنے ساتھ کس کو لائے تھے؟

جواب حضرت علیؓ حضرت فاطمہؓ حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کو ساتھ لائے تھے

سوال حضرت محمد ﷺ نے اولین تحریری نامہ کس کو دیا تھا؟

جواب سراقہ بن جعشم

سوال سبزیوں میں حضرت محمد ﷺ کو کونسی سبزی پسند تھی؟

جواب کدو

سوال حضرت محمد ﷺ نے قطعی جنتی کی جو بشارت دی ان کے اسمائے گرامی کون

ہیں یعنی عشرہ مبشرہ

جواب (۱) حضرت ابوبکر صدیقؓ (۲) حضرت عمر فاروقؓ (۳) حضرت عثمان غنیؓ
(۴) حضرت علیؓ (۵) حضرت زبیر بن العوامؓ (۶) حضرت طلحہ بن عبید اللہؓ
(۷) حضرت سعید بن زیدؓ (۸) حضرت سعد بن ابی وقاصؓ
(۹) حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ (۱۰) حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے لئے بددعا کی تھی ''یا اللہ اپنے کتوں میں سے ایک کتا اس پر مسلط کردے؟

جواب عتیبہ بن ابولہب کے لئے جس نے حضرت محمد ﷺ کی شان میں گستاخی کی تھی

سوال حضرت محمد ﷺ کس کو محبت سے ''او دو کانوں والے'' کہا کرتے تھے؟

جواب حضرت انسؓ

سوال کس عمل کے تعلق سے رسول اللہؐ نے فرمایا ''ہر نیک عمل اس میں موجود ہے''؟

جواب ذکر اللہ میں

سوال دعا، زمین اور آسمان میں معلق رہتی ہے جب تک کیا نہ پڑھے اوپر نہیں جاتی؟

جواب درود شریف نہ پڑھیں۔

سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے تعلق سے فرمایا کہ پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کرو؟

جواب آپ ﷺ نے فرمایا مزدور کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی مزدوری ادا کر دیا کرو۔

سوال حضرت محمد ﷺ عرب کے کونسے مشہور پہلوان کو کُشتی میں پچھاڑ دیئے تھے؟

جواب رُکانہ پہلوان کو

سوال حضرت محمد ﷺ کے دندانِ مبارک شہید ہونے پر کس نے اپنے تمام دانت نکال دیئے؟

جواب حضرت اویس قرنیؓ

سوال حضرت محمد ﷺ نے امین الامت کا خطاب کس کو عطا کیا؟
جواب حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ
سوال حضرت محمد ﷺ نے اپنے اصحاب میں سے کس کو عبرانی زبان سیکھنے کا حکم دیا تھا؟
جواب حضرت زید بن حارثہؓ کو
سوال حضرت محمد ﷺ نے کس کے حق میں تفسیر کلام پاک اور عطائے فہم دین کی دعا کی تھی؟
جواب حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے حق میں
سوال حضرت محمد ﷺ کے خدام خاص کون تھے؟
جواب حضرت انس بن مالکؓ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ حضرت بلالؓ حضرت عقبہ بن عامر جہنی
سوال کس مقام کے خشک کنویں میں حضرت محمد ﷺ نے کلی کر کے اس پانی کو کنویں میں ڈالا جس سے کنویں میں پانی اُبلنے لگا؟
جواب حدیبیہ کے مقام پر اس کنویں کا نام بھی حدیبیہ ہی ہے۔
سوال میزبانِ رسول ﷺ کون ہیں؟
جواب حضرت ابوایوب انصاریؓ
سوال خلیل رسول ﷺ کون ہیں؟
جواب حضرت ابوایوب انصاریؓ
سوال حواری رسول ﷺ کس کا لقب ہے؟
جواب حضرت زبیر بن العوامؓ
سوال منافقین نے بی بی عائشہؓ پر بہتان تراشی کی اس واقعہ کو کس نام سے موسوم کیا گیا؟
جواب واقعہ اِفک
سوال واقعہ اِفک کے پیچھے کس منافق کا ہاتھ تھا؟
جواب عبداللہ بن اُبی

سوال حضرت محمد ﷺ نے سلمان فارسیؓ کو ایک یہودی سے کتنے میں خریدا؟

جواب چالیس (40) اوقیہ میں

سوال تحویل قبلہ کا حکم کس سن ہجری میں ہوا؟

جواب 15 / شعبان سنہ 2 ہجری

سوال کس مسجد میں قبلہ بدلنے کا حکم ہوا اب اس مسجد کا کیا نام ہے؟

جواب مسجد بنوسلمہ میں قبلہ بدلنے کا حکم ہوا۔ اب اس مسجد کا نام مسجد ذوالقبلتین ہے

سوال عام الوفود کس سال کو کہا جاتا ہے؟

جواب سنہ 9 ہجری کو

سوال حضرت محمد ﷺ نے سورج گہن کے موقعہ پر ایک خاص نماز باجماعت ادا کی اس نماز کا نام کیا ہے؟

جواب نمازِ کسوف

سوال حضرت محمد ﷺ کے پسندیدہ پھل کونسے تھے؟

جواب کھجور، انگور اور تربوز

سوال حضرت محمد ﷺ کس تیل کو مختلف طریقوں سے استعمال کرنے کے لئے فرمایا کرتے تھے؟

جواب روغن زیتون

سوال حضرت محمد ﷺ کس پہاڑ کے تعلق سے فرمایا کہ یہ ہم سے پیار کرتا ہے اور ہم اس سے پیار کرتے ہیں؟

جواب اُحد